سورۃ الفلق میں بیان کردہ شرور کو بھی اگر نفسیاتی تناظر میں دیکھا جائے تو 'غاسق اذا وقب' گہری مایوسی اور اندھیرے ذہنی دباؤ کی علامت بن جاتا ہے، جبکہ 'نفاثات فی العقد' اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ منفی خیالات اور بیرونی اثرات کس طرح انسان کی ذہنی اور جسمانی صحت پر اثرانداز ہوتے ہیں وہی تصور جسے جدید نفسیات Psychosomatic Disorders کے نام سے جانتی ہے۔

آج ہم نے قرآن کو قراءت تک محدود کر دیا اور اسے ایک ہمہ گیر فکری متن کے طور پر نہیں دیکھا۔ضرورت اس امر کی ہے کہ نفسیات دان، علما اور محققین قرآن میں موجود ان نفسیاتی اصولوں کو جدید علمی زبان میں منظم انداز سے سامنے لائیں۔ ایسا کرنے سے نہ صرف ایمان فکری سطح پر مضبوط ہوگا، بلکہ ایک ایسا نفسیاتی فریم ورک بھی تشکیل پا سکتا ہے جو ہماری تہذیبی اور روحانی ساخت سے ہم آہنگ ہو۔قرآن کو محض ماننے کے بجائے سمجھنے کی یہ راہ اب بھی کھلی ہے۔سوال صرف اس میں داخل ہونے کے حوصلے کا ہے۔

جنس کی تبدیلی۔حقائق

پروفیسر وسیم احمد خان
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

دور حاضر میں مغربی معاشروں کے حوالے سے بالخصوص اور ان سے متاثر ہونے والے دیگر خطوں میں بالعموم تبدیلئ جنس یعنی ٹرانس جینڈرنیس ایک متنازعہ موضوع کی حیثیت رکھتا ہے۔ آزادئ اظہار اور شخصی حق کو بنیاد بنا کر یہ پرچار کیا جارہا ہے کہ ہر شخص کا یہ استحقاق ہے کہ وہ خود کو اپنی پیدائشی جنس کے برعکس اپنی خواہش کے مطابق مرضی کی جنس کے طور پر متعارف کروا سکے۔ ایسے قوانین تشکیل دیئے جارہے ہیں کہ ایک حیاتیاتی یا بائیولوجیکل مرد اپنا اندراج بطور عورت کروا سکے اور علی ھذالقیاس۔ اسی طرح بہت ساری اصطلاحات کو مبالغہ آمیز انداز میں خلط ملط کیا جا رہا ہے جیسا کہ اے جینڈر، بائی جینڈر، انٹر سیکس وغیرہ۔

بعض لوگ جو سائنسی طرز فکر کا پس منظر نہیں رکھتے وہ مخنث کو بھی ٹرانس جینڈر سے موسوم کر دیتے ہیں۔ یہ صورتحال غیر حقیقی معلومات کے ابلاغ کا باعث بن رہی ہے۔مخنث ایک جینیاتی بے قاعدگی ہے جس میں متاثرہ فرد میں کروموسومز کی تعداد تبدیل ہو جاتی ہے۔ جینیاتی اعتبار سے کامل مرد اور کامل عورت میں چھیالیس کروموسوم ہوتے ہیں ان میں سے چوالیس کروموسومز مرد اور عورت میں یکساں ہیں جو آٹوسومز کہلاتے ہیں جب کہ آخری جوڑا عورت اور مرد میں بالترتیب ایکس ایکس اور ایکس وائی ہوتا ہے جن کو سیکس کروموسومز یا جنس کا تعین کرنے والے کروموسومز کہتے ہیں۔ یوں عورت کی کروموسومز ترکیب چوالیس ایکس ایکس اور مرد میں چوالیس ایکس وائی ہے۔مخنث یعنی کلائن فیلٹر سنڈروم میں کروموسومز کی تعداد چھیالیس کے بجائے سینتالیس ہو جاتی ہے یعنی چوالیس ایکس ایکس وائی۔ اب مخنث میں یا تو ایک ایکس اضافی ہے یا پھر ایک وائی کروموسوم۔ ان بے قاعدہ کروموسمز کی تعداد متاثرہ فرد کی جسمانی ساخت اور جنسی فعالیت کی کاملیت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ متاثرہ افراد ظاہری خدوخال سے مردانہ خواص رکھتے ہیں۔ کیوں کہ بالعموم ان کے چہرے پر داڑھی مونچھیں پیدا ہوتی ہیں۔آواز کا بھاری پن بھی مثل نر جنس ہوتا ہے۔ لیکن ان کے جنسی اعضاء مکمل طور پر نمو یافتہ اور فعال نہیں ہوتے۔ استثنائی طور پر ایسے نفوس بوجہ ہارمونز کی بے توازنی بعض زنانہ خواص بھی رکھتے ہیں جیسا کہ پستان بمثل مادہ جنس۔

نہیں، بلکہ 1400 قبل قرآن مجید میں ملتی ہے۔قرآن صرف احکام، عبادات یا جزاوسزا تک محدود نہیں۔حقیقت یہ ہے کہ قرآن انسانی نفس کا ایک ایسا ہمہ گیر بیانیہ پیش کرتا ہے جو مشاہدے، تجزیے اور عملی رہنمائی تینوں سطحوں پر پورا اترتا ہے۔

جدید نفسیات جن اصطلاحات اور درجہ بندیوں پر آج فخر کرتی ہے خواہ وہ DSM جیسے تشخیصی نظام ہوں یا رویّے اور ادراک سے متعلق نظریات — قرآن نے ان کے بنیادی خدوخال صدیوں پہلے انسانی فہم کے سامنے رکھ دیے تھے۔ انسانی خوف، لالچ، توجہ، ادراک، خواہش اور تضادِ باطن کو قرآن نے کسی علامتی یا مبہم انداز میں نہیں، بلکہ ایک منظم نفسیاتی حقیقت کے طور پر بیان کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کو محض مذہبی متن نہیں، بلکہ انسانی نفسیات کا ایک فکری دستاویز کہنا زیادہ قرینِ حقیقت ہے۔

قرآن کے نزدیک نفسیات صرف رویّوں کے مشاہدے کا علم نہیں، بلکہ انسان کی اخلاقی اور روحانی تطہیر کا راستہ ہے۔ یہی نکتہ امام غزالی کے ہاں بھی مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔قرآن نے انسانی ذہن کے مختلف افعال کے لیے مخصوص اصطلاحات استعمال کی ہیں جو محض ادبی نہیں بلکہ واضح نفسیاتی مفہوم رکھتی ہیں۔ 'نفس' کی مختلف کیفیات جیسے کے نفسِ امّارہ، نفسِ لوّامہ اور نفسِ مطمئنہ دراصل انسانی شخصیت کے ارتقائی مراحل کی نشاندہی کرتی ہیں۔ یہ مراحل اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ انسان ایک جامد نفسیاتی وجود نہیں، بلکہ مسلسل ارتقاپذیر شعور رکھتا ہے۔

اسی طرح 'قلب' کو محض جذباتی علامت نہیں بلکہ ادراک اور احساس کا مرکز قرار دیا گیا ہے۔ یہ تصور جدید نفسیات کے اس خیال سے ہم آہنگ ہے جس میں ذہن اور جذبات کو ایک مربوط نظام سمجھا جاتا ہے، نہ کہ الگ الگ خانے۔

قرآن کی نفسیاتی بصیرت محض عمومی تصورات تک محدود نہیں، بلکہ اس نے مخصوص ذہنی کیفیات کو نہایت دقیق انداز میں بیان کیا ہے۔ سورۃ الناس میں 'الوسواس الخناس' کی اصطلاح پر غور کیا جائے تو یہ انسانی ذہن میں پیدا ہونے والے ان مداخلتی اور بار بار لوٹ آنے والے خیالات کی وضاحت ہے جنہیں جدید نفسیات Intrusive Thoughts قرار دیتی ہے۔ 'خناس' کا پیچھے ہٹ جانا اور دوبارہ حملہ آور ہونا، وسواسی ذہنی عمل کی وہی تصویر ہے جو آج OCD اور اضطرابی بیماری میں بیان کی جاتی ہے۔

یہاں یہ نکتہ بھی قابلِ غور ہے کہ قرآن ان وسوسوں کے ماخذ کو 'من الجنۃ والناس' سے جوڑتا ہے۔ اس تقسیم کو اگر نفسیاتی تناظر میں دیکھا جائے تو 'جنّۃ' داخلی محرکات خوف، جبلت، ماضی کے صدمے اور 'ناس' خارجی دباؤ، ماحول، تعلقات، سماجی تناؤ کی علامت بن کر سامنے آتے ہیں۔ یہ تصور جدید تھیراپی میں Internal اور External Triggers کے فرق سے حیرت انگیز مماثلت رکھتا ہے۔

قرآن محض علامات کی نشاندہی پر اکتفا نہیں کرتا، بلکہ ان کا حل بھی پیش کرتا ہے۔ 'واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ' کو اگر نفسیاتی زبان میں سمجھا جائے تو صبر جذباتی ضبط اور سوچ کی میں یکسانیت کا نام ہے، جب کہ نماز کے نفسیاتی فوائد میں ایک فائدہ منظم ذہن سازی (Mindfulness) کی مشق بھی ہے۔ ذکر اور توجہ کا یہ عمل انسان کو حال میں واپس لا کر ان خیالات کے تسلط کو کم کرتا ہے جو اضطراب اور وسوسے کو پیدا کرتے ہیں۔

انسانی رویوں کے تجزیے میں قرآن کی گہرائی اور بھی نمایاں ہو جاتی ہے۔ منافقین کے طرزِ عمل کا بیان محض اخلاقی تنقید نہیں، بلکہ دوہرے شعور، شناختی تضاد (Cognitive Dissonance) اور سماجی بے چینی کی ایک مکمل نفسیاتی تصویر ہے۔ اسی طرح بنی اسرائیل کے واقعات میں ناشکری اور بے صبری دراصل اس ذہنی کیفیت کی طرف اشارہ ہیں جسے آج Entitlement Mindset کہا جاتا ہے۔

اسے نثر میں منتقل کر دینا تفہیم کا پہلا درجہ یعنی لفظی تفہیم ہے۔ اس شعر کے ظاہری الفاظ، تشبیہات، استعارات اور کنایوں سے اس شعر کی تشریح کا اندازہ لگانا، تخمینی اور تجزیاتی تفہیم ہوئی۔ اب شاعر کی خلاقیت اور زبان و بیان کی گہرائی کو سمجھتے ہوئے اس شعر کو نئے معنی دینا یا کسی نئی صورتحال میں اس شعر کا موزوں استعمال کرنا تخلیقی یا تعقلی تفہیم ہوگی، مثال کے طور پر مومنؔ کا سادہ سا شعر

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اس شعر کی لفظی تفہیم تو یہی ہوگی کہ شاعر کسی کو مخاطب کر کے کہہ رہا ہے کہ جب میں تنہا ہوتا ہوں تو تمہاری موجودگی کا احساس ہوتا ہے لیکن یہ شعر غزل کا ہے اور مومن کی غزلوں میں معاملہ بندی پائی جاتی ہے لہذا مومن اپنے محبوب کو مخاطب کر کے کہہ رہے ہیں کہ میں جب تنہا ہوتا ہوں تو میرے ذہن و دل میں تمہارا ہی تصور ہوتا ہے اور وہ اتنا پختہ اور صاف ہوتا ہے کہ گویا تمہارے پاس ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ اب اسی شعر کی تخلیق کی یا تعقلی تفہیم کیا ہوسکتی ہے فطری ہے کہ انسان جب کبھی تنہا ہو اس کا خیال اس کے محبوب کی طرف چلا جائے یہ محبت کی صداقت کی دلیل ہے اور اس خیال میں اس قدر پختگی ہونا کہ انسان تنہائی میں اپنے محبوب سے باتیں کرنے لگے اس اعلی و ارفع درجے کو مجاز سے حقیقت کی طرف لے جائیں تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول سامنے آتا ہے کہ مومن وہ نہیں جس کی محفلیں پاک ہوں بلکہ مومن وہ ہے جس کی تنہائی پاک ہو۔ اس طرح یہ شعر فلسفہ توحید اور عشق حقیقی کا ترجمان بن جاتا ہے، کلمے کے پہلے جملے کے پہلے حصے لاالہ کی عکاسی کرتا ہے جب کہ انسان کا دل و دماغ ہر دوسری شے سے پاک ہوتا ہے تو اللہ اس سے ہم کلام ہوتا ہے، یہاں گویا حرف نہیں بلکہ حالت کا اظہار کر رہا ہے اس لیے غالب نے مومن کے اس شعر کے لیے کہا تھا کہ کاش یہ شعر میرا ہوتا تو میں اس کے بدلے اپنا پورا دیوان دے دیتا۔ اسی مفہوم کے دو اشعار اور دیکھیں

وہ یوں دل سے گزرتے ہیں کہ آہٹ تک نہیں ہوتی
وہ یوں آواز دیتے ہیں کہ پہچانی نہیں جاتی

ایک اور شعر ہے

ہو گیا مہماں سرائے کثرت موہم آہ
وہ دلِ خالی کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

اب اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ انسان کسی شعبے سے وابستہ، کسی میدان میں برسر پیکار ہو، اپنی نشونما کے لیے اسے مطالعہ کرنا پڑتا ہے اور زیر مطالعہ متن کسی نہ کسی زبان میں ہوگا، اس مطالعے سے وہ کس حد تک تفہیم حاصل کرتا ہے، یہ اس کی خواندگی کی صلاحیتوں پر منحصر ہے۔ اس لیے دنیا کے ہر تعلیمی نظام میں وہاں کے زبان و ادب کی تدریس موجود ہے۔ اردو زبان میں یہ خاصیت بدرجہ اتم موجود ہے کہ اس کی تدریس کے دوران طالب علم کو تفہیم کے تینوں مدارج کی سیر کرائی جا سکتی ہے اور اس کی تعقل و تخلیق کی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا جا سکتا ہے۔

قرآن کا علمی اور سائنسی نظامِ نفسیات

پروفیسر عون علی
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

انسانی ذہن اور نفسیات کے باب میں جدید دور نے ایک وسیع علمی ذخیرہ ضرور مرتب کیا ہے، تاہم یہ حقیقت نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ انسانی شعور، اس کے داخلی محرکات، جذباتی اضطرابات اور رویّاتی پیچیدگیوں کی منظم اور گہری تشریح ہمیں کسی جدید نفسیاتی رہنما کتابچے سے

تفہیم (comprehension) کے مدارج اور تدریسِ اردو

پروفیسر صفدر عباس
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

درس و تدریس کی دنیا میں تفہیم (comprehensive) بہت اہمیت کی حامل ہے، اس کے بغیر آموزش کامیاب نہیں کہلا سکتی۔ تدریس کے عمل میں متعلم کو معلومات فراہم کرنے کے بعد اس معلومات کی تفہیم کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ بلوم ٹکسانومی میں تفہیم کا درجہ علم (knowledge) کے بعد دوسرا ہے۔ طلبہ کی کامیاب تفہیم کے لیے اساتذہ مختلف حکمت عملیاں (strategies) استعمال کرتے ہیں، طرح طرح کی سرگرمیاں (activities) کرواتے ہیں اور جانچنے (assessment) کے لیے آزمائشیں (tests) مرتب کرتے ہیں۔

تعلیمی عمل میں خواندگی (literacy) کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس لفظ خواندگی کے لغوی معنی اور مختلف پہلوؤں سے صرف نظر کرتے ہوئے آسان اور عمومی معنوں میں پڑھنے لکھنے کی صلاحیت (reading and writing) ہی مراد لی جائے اور اس مرکب سے بھی صرف پہلا لفظ "پڑھنا" مراد لیا جائے تو بھی غنیمت ہے۔ یعنی پڑھنے کی صلاحیت۔ پڑھنا سے مراد کسی زبان میں تحریر شدہ عبارت کو درستی (accuracy) اور روانی (fluency) کے ساتھ سمجھ کر پڑھنا (comprehension) ہے۔ اس کا مطلب ہوا کہ خواندگی کا تعلق زبان سے ہے، کیوں کہ ہر عبارت کسی نہ کسی زبان میں لکھی جائے گی۔ اسے پڑھنے کے لیے اس زبان کے حروف تہجی (alphabets) آوازوں (مصوتوں، مصمتوں)، الف بائی اصولوں (alphabetical principles)، ہجے اور تلفظ سے آشنائی کے ساتھ ساتھ تفہیمی حکمت عملیوں سے واقفیت بھی ضروری ہے کیوں کہ خواندہ ہونے کے لیے عبارت کو درستی (accuracy) اور روانی (fluency) سے پڑھنے کے ساتھ ساتھ سمجھنا (understanding) بھی ضروری ہے، عبارت کا یہی سمجھنا تدریسی عمل میں تفہیم (comprehension) کے نام سے موسوم ہے۔

جیسے جیسے طالب علم کے درجے بڑھتے چلے جاتے ہیں، اس صلاحیت کے مدارج میں ترقی آنی چاہیے۔ مثلاً الف کی آواز "اَ" ہے اور الف سے انار کہتے ہوئے بچہ الف کی شکل ذہن نشین کرتا ہے انار کا لفظ یاد کرتا ہے، انار کی تصویر بھی حافظے میں محفوظ کر لیتا ہے، یہ سب تفہیم کے ابتدائی درجے ہیں کہ بچہ اب الف لکھا ہوا دیکھ کر پہچان لے گا اس کی آواز بھی وہ جانتا ہے اور اس آواز سے شروع ہونے والا لفظ انار بھی بتا سکتا ہے۔ اسے ہم لفظی تفہیم (literary comprehension) کہتے ہیں، اس کے بعد تفہیم کا اگلا درجہ آتا ہے کہ جب طالب علم الفاظ کے ساتھ موضوع اور سیاق و سباق کو دیکھتے ہوئے عبارت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کرتا ہے، اس درجے پر اسے ہجے سے بڑھ کر زبان کا ذرا وسیع اور گہرا علم ہونا چاہیے مثلاً انگور کھٹے ہیں، ان تین الفاظ کی لفظی تفہیم تو یہی بنے گی کہ انگور ایک پھل ہے اور اس کا ذائقہ بتایا جا رہا ہے کہ وہ کھٹا ہے، لیکن اگر طالب علم زبان شناسی میں ترقی کرتے ہوئے روزمرہ اور محاورے کا بھی علم حاصل کر لیتا ہے تو اس عبارت کے سیاق و سباق سے جان لے گا کہ یہ جملہ محاورتاً ادا کیا گیا ہے اور کسی کو اس کی محرومی یا ناکامی کے بعد بنائے جانے والے بہانوں کے لیے طنز کے طور پر یہ جملہ بولا جا رہا ہے۔ تفہیم کے اس درجے کو تخمینی یا تجزیاتی تفہیم (inferential comprehension) کہتے ہیں تفہیم کا اس سے بلند درجہ تخلیقی یا تعقلی تفہیم (metacognitive comprehension) ہے کہ جہاں عبارت سے نئے مفاہیم بنائے جاتے ہیں، کسی عبارت کو معنی دیے جاتے ہیں، مثال کے طور پر کسی شعر کے الفاظ سے آشنائی ہونا اور

سردیوں کے دن تھے۔ ہم بہنیں ایک ہی کمرے میں سوتی تھیں، مگر مسئلہ یہ تھا کہ میں پنکھا بند کر کے سو نہیں سکتی تھی۔ مجھے گرمی لگتی تھی، اور پنکھا چلاؤں تو باقی بہنیں ٹھٹھرتی تھیں۔ اسی وجہ سے میں نے ٹی وی لاؤنج میں سونا شروع کر دیا۔

ٹی وی لاؤنج میں ایک صوفہ رکھا تھا، وہی میرا بستر بن گیا۔ میں ہمیشہ اپنا سر دروازے کی طرف رکھتی تھی کیوں کہ وہیں سے ٹھنڈی ہوا آتی تھی۔ ایک رات، تقریباً تین بجے، میری آنکھ اچانک کھلی۔ ایسا لگا جیسے کسی نے زور سے مجھے جھنجھوڑا ہو۔ میں گھبرا کر اٹھی، آس پاس دیکھا۔ مگر وہاں کوئی نہیں تھا۔ میں بہت زیادہ نیند میں تھی، اس لیے خود کو تسلی دی اور دوبارہ سو گئی۔

اگلی رات...بالکل وہی وقت، اور بالکل وہی احساس۔ ایک بار پھر آنکھ کھلی، ایک بار پھر جھنجھوڑنے کا احساس... اور پھر خاموشی۔ میں نے اسے نظر انداز کیا۔ تیسری رات بھی یہی ہوا۔

اب یہ سب میرے لیے عجیب ہو چکا تھا۔ میں نے اٹھ کر پورا گھر دیکھا، سب گہری نیند میں تھے۔ مجھے لگا شاید میری بہنیں مذاق کر رہی ہیں، اس لیے زیادہ سوچے بغیر سو گئی۔

صبح امی سے شکایت کی تو سب نے صاف انکار کر دیا۔ امی نے ہنستے ہوئے کہا، "کون پاگل ہو گا جو رات کو اپنی نیند خراب کر کے تمہیں تنگ کرے؟" میں نے بھی بات وہیں ختم کر دی۔ مگر مسئلہ ختم نہیں ہوا۔ اب یہ سب روز کا معمول بن گیا تھا۔ کبھی جھنجھوڑنا، کبھی میرے کان کے پاس میرا نام پکارنا، کبھی پیروں پر ہلکی سی تھپڑ جیسی ضرب۔

اب مجھے یقین ہو چکا تھا کہ یہ کسی انسان کا کام نہیں۔ میں سمجھ گئی تھی کہ یہ سب غیبی مخلوقات کا کھیل ہے۔ ویسے بھی اس سے پہلے بھی میرے ساتھ چھوٹے موٹے واقعات ہو چکے تھے، اس لیے میں نے اسے زیادہ سنجیدگی سے نہیں لیا۔ یہ سلسلہ تقریباً ڈیڑھ ماہ تک چلتا رہا۔

پھر وہ رات آئی... جو آج بھی یاد آتی ہے تو بدن میں سرد لہر دوڑ جاتی ہے۔ اس رات میری آنکھ پیاس سے کھلی۔ میں اٹھی، کچن میں گئی، پانی پیا اور واپس آ کر صوفے پر لیٹ گئی۔ کچھ ہی دیر گزری تھی کہ مجھے یوں لگا جیسے کوئی میرے بہت قریب آ کر آہستہ سے "ششش..." کر رہا ہو۔

میں نے فوراً آنکھیں کھولیں، ادھر اُدھر دیکھا... کچھ نظر نہیں آیا۔ میں نے خود کو سمجھایا اور دوبارہ آنکھیں بند کر لیں۔ چند لمحوں بعد... وہی ششش... اس بار میں بیٹھنے لگی ہی تھی کہ اچانک... چیخوں کی آوازیں گونج اٹھیں۔ لیکن یہ ایک چیخ نہیں تھی... یہ کئی لوگوں کے ایک ساتھ چیخنے کی آوازیں تھیں۔ ایسی چیخیں، جیسے کوئی شدید اذیت میں ہو۔

میرا جسم سن ہو گیا۔ ڈر کے مارے آواز بھی حلق میں اٹک گئی۔ میں کسی کو جگانے کی ہمت نہ کر سکی۔ بس صوفے پر دوسری طرف کروٹ لی، تکیہ سر پر رکھا، آنکھیں زور سے بند کر لیں اور جتنی دعائیں یاد تھیں، سب پڑھنا شروع کر دیں۔ پتا ہی نہیں چلا کب آنکھ لگ گئی۔

اگلی صبح جب سب کو بتایا تو پہلے خوب ڈانٹ پڑی۔ امی نے کہا، اگر کچھ نظر آ جاتا تو وہیں دل کا دورہ پڑ جاتا، پھر ہم آج تمہارے نام کی بریانی کھا رہے ہوتے!

بعد میں میری بہن نے ایک بات کہی، تم اپنا سرہانہ بدل لو۔ تم ان کے راستے میں سو رہی ہو، شاید اسی لیے تنگ کر رہے ہیں۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ اور حیرت انگیز طور پر... اس دن کے بعد سب کچھ ختم ہو گیا۔ نہ جھنجھوڑنا، نہ آوازیں، نہ چیخیں۔

اس دن کے بعد میں بہت احتیاط کرتی ہوں، اور آپ سب کو بھی یہی مشورہ دوں گی کہ راستوں میں، دروازوں کے قریب یا آنے جانے کی جگہوں پر نہ بیٹھیں، خاص طور پر بچوں کے معاملے میں بہت احتیاط کریں۔ کہتے ہیں مغرب سے فجر تک غیبی مخلوقات کا وقت ہوتا ہے، اس دوران اپنا اور اپنے پیاروں کا خاص خیال رکھیں۔ "احتیاط، علاج سے بہتر ہے۔"

باادب بانصیب

ندا یعقوب
بی ایڈ (ڈھائی سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

اس دنیا میں انسان کو جو نعمتیں ملی ہیں، ادب کی ہی بنیاد پر ملی ہیں۔ جو ادب سے محروم ہے، وہ ہر چیز سے محروم ہے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے: "باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب"۔ ادب ہی ایک ایسی خوبی ہے جو انسان کو دوسروں سے ممتاز بناتی ہے۔

جس طرح ریت کے ذرات میں موتی اپنی چمک نہیں کھوتا، اسی طرح مؤدب انسان بھی سارے لوگوں کے بیچ میں اپنی شناخت خود بناتا ہے۔ اسلامی تاریخ میں بھی یہ بات ہے کہ ادب کی بنیاد پر حضرت جبرائیل علیہ السلام سید الملائکہ بنے، اور بے ادبی کی وجہ سے ابلیس شیطان بنا۔

ادب انسان کی شخصیت کو نکھارتا ہے۔ یہ کہاوت ہمیں سکھاتی ہے کہ جو شخص ادب و احترام سے پیش آتا ہے، وہ زندگی میں کامیابی حاصل کرتا ہے، جب کہ بے ادب انسان ناکامیوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ ادب سے مراد بڑوں کا احترام، چھوٹوں سے محبت، اور ہر ایک سے اچھے اخلاق کے ساتھ بات کرنا ہے۔ باادب انسان ہر جگہ عزت پاتا ہے، چاہے وہ گھر ہو، اسکول ہو یا معاشرہ۔ اس کے دوست زیادہ ہوتے ہیں اور لوگ اس پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے وہ آگے بڑھتا ہے اور کامیاب ہوتا ہے۔

اس کے برعکس، بے ادب انسان، دوسروں کو تکلیف دیتا ہے۔ وہ بدتمیزی کی وجہ سے لوگوں کی نظروں سے گر جاتا ہے؛ نہ استاد اس سے خوش ہوتے ہیں، نہ ہی دوست۔ آہستہ آہستہ، وہ تنہا ہو جاتا ہے اور زندگی میں ترقی نہیں کر پاتا۔ لہذا ہمیں ہمیشہ ادب اور اچھے اخلاق کو اپنانا چاہیے، کیوں کہ ادب انسان کو عزت، کامیابی اور خوش نصیبی دلاتا ہے۔

اسلام بھی ہمیں ادب سکھاتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے حسن اخلاق کو سب سے بڑی خوبی قرار دیا ہے۔ جو شخص اچھے اخلاق کا مالک ہوتا ہے، وہ اللہ اور بندوں دونوں کا پسندیدہ بن جاتا ہے۔ ادب انسان کو صبر، برداشت اور عاجزی سکھاتا ہے، جو ایک کامیاب زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں۔

ناقابلِ فراموش

رومان حسین منّو
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - پانچواں سمسٹر 2026)

آئیں! آپ کو اپنی زندگی کا ایک ایسا واقعہ سناؤں جو آج بھی یاد آتے ہی دل کی دھڑکن تیز کر دیتا ہے۔ اب اسے میری بے وقوفی کہہ لیں یا نادانی... یا شاید حد سے بڑھی ہوئی بہادری، فیصلہ آپ خود کیجیے۔

آیئے، یہ کہانی میں آپ کو اپنی زبانی سناتی ہوں۔ آج سے تقریباً چھ سال پہلے ہم، یعنی میری پوری فیملی، ایک نئے گھر میں شفٹ ہوئے۔ یہ گھر نیا تعمیر ہوا تھا لیکن ہماری آمد سے پہلے کچھ عرصہ خالی پڑا رہا تھا۔ شروع شروع میں عجیب و غریب مسائل کا سامنا کرنا پڑا، لیکن وقت کے ساتھ ہم نے سب کچھ معمول سمجھ کر قبول کر لیا۔

جاتی، پھر ٹیوشن والی باجی کے پاس پڑھنے جاتی۔ اس کے بعد تھک ہار کر گھر آتی اور فوراً سو جاتی کیوں کہ اگلے دن پھر اسکول جانا ہوتا تھا۔ مجھے اپنے خاندان والوں اور رشتہ داروں سے بہت طعنے سننے پڑتے تھے۔ سب مجھے کہتے تھے کہ تم تو ہر وقت فیل ہوتی رہتی ہو، تم نالائق ہو، تم اپنی زندگی میں کچھ نہیں کرسکتیں۔ میں اس وقت بہت مایوس ہوگئی تھی اور بہت رویا کرتی تھی کہ سب مجھے ایسا کیوں کہتے ہیں، کیا واقعی میں ناکام ہوں؟ کیا میں کچھ نہیں کرسکتی؟

پھر ایک دن آیا، میرا میٹرک۔ الحمد للہ میں نے اچھے نمبروں سے میٹرک پاس کرلیا۔ اس کے بعد میری زندگی نے ایک نیا موڑ لیا اور میں کالج میں آ گئی۔ یہاں سے میری زندگی کی ایک نئی شروعات ہوئی۔ کالج لائف میں دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ میل جول اور میری کمیونیکیشن اسکلز بہت بہتر ہوگئیں۔ اساتذہ نے مجھے بہت حوصلہ دیا کہ تم کرسکتی ہو۔ وقت کے ساتھ ساتھ میں مختلف سرگرمیوں میں شامل ہونا شروع ہو گئی۔ کالج کے فنکشنز سے لے کر ہر چیز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگی۔

میری زندگی کا سب سے خوبصورت کالج کا تجربہ یہ تھا کہ ایک دن ہمارے کالج میں نیشنل ریسپی کی ٹیم آئی۔ پورے کالج کی لڑکیوں سے کہا گیا کہ ایک باکس میں اپنا نام ڈالیں گے اور ہم سات پرچیاں نکالیں گے۔ ان سات خوش نصیب لڑکیوں کے درمیان بریانی اور کڑاہی کا مقابلہ کروایا جائے گا۔ خوش قسمتی سے میرا نام بھی نکل آیا۔ مجھے کڑاہی بنانے کا ٹاسک ملا۔ پہلے راؤنڈ میں میرا مقابلہ چار لڑکیوں سے تھا، جس میں میں جیت گئی۔ پھر دوسرے اور فائنل راؤنڈ میں ایک لڑکی سے مقابلہ ہوا۔

میں نے اپنی زندگی میں کبھی کڑاہی نہیں بنائی تھی، مگر اس دن میں نے پہلی ہی کوشش میں کڑاہی بنائی۔ ججز اور میری کلاس ٹیچرز کو میری کڑاہی بہت پسند آئی۔ میں نے زندگی میں پہلی بار کچھ حاصل کیا۔ مجھے نیشنل ریسپی کی طرف سے سرٹیفکیٹ ملا اور پہلی پوزیشن آنے کی خوشی میں انھوں نے مجھے پینا سونک کا مائیکرو ویو اوون تحفے میں دیا۔ میں اس دن بہت خوش تھی۔

جب میں گھر آئی تو میری امی میرے ہاتھ میں سرٹیفکیٹ اور مائیکرو ویو اوون دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور انہیں مجھ پر فخر ہوا کہ ان کی بیٹی نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس وقت میری امی کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے۔ یہ میری زندگی کی پہلی کامیابی تھی۔ رات کو ابو گھر آئے تو انہوں نے بھی مجھ پر فخر کیا اور کہا:

”واہ! میری بیٹی زبردست، آئی ایم ویری پراؤڈ آف یو۔“

یوں دیکھتے ہی دیکھتے میرا انٹر بھی مکمل ہوگیا۔ مگر پھر بھی مجھے اپنے آس پاس کے لوگوں سے بہت کچھ سننا پڑتا تھا۔ لوگ کہتے تھے کہ تم تو شام پانچ بجے تک اسکول جایا کرتی تھیں اور اتنا فیل ہوتی تھیں، اب انٹر کرلیا ہے تو بس بہت ہے، اب پڑھائی چھوڑ دو، آگے جا کر تو تم نے گھر اور بچے ہی سنبھالنے ہیں۔ میں بہت رویا کرتی تھی کہ میری خالہ، کزنز وغیرہ مجھے ایسا کیوں کہتے ہیں۔ میں خود سے سوال کرتی تھی کہ کیا میں واقعی کچھ نہیں کرسکتی؟

پھر میں نے کسی کی نہیں سنی اور اپنی زندگی میں آگے بڑھتی رہی۔ میں نے اپنے ہی کالج سے اے ڈی اے (ایسوسی ایٹ ڈگری آف آرٹس) کیا اور گریجویشن کی ڈگری حاصل کی، الحمد للہ۔ وقت کے ساتھ ساتھ مجھ میں لوگوں کا سامنا کرنے کی ہمت آ گئی۔ میرے امی ابو نے میرا بہت ساتھ دیا۔ الحمد للہ وہ ہمیشہ کہتے تھے:

”تم پڑھو، آگے بڑھو، ہم تمہارے ساتھ ہیں۔“

پھر میں نے سوچا کہ اب مجھے بی ایڈ کرنا چاہیے۔ میری ایک دوست نے مجھے بتایا کہ گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن ہے جو کراچی یونیورسٹی سے منسلک ہے۔ میں نے یہاں داخلہ لے لیا اور اب الحمد للہ میں یہاں کی طالبہ ہوں۔ ان شاء اللہ میں یہاں سے بی ایڈ کی تعلیم مکمل کروں گی۔

میرا خواب ہے کہ میں آگے جا کر ایک بہترین ٹیچر بنوں۔ شکریہ۔

تعلیم کی اہمیت

عاتکہ بتول
بی ایس (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

تعلیم ہماری زندگی کا بہت قیمتی حصہ ہے۔ یہ ہمیں علم دیتی ہے اور صحیح اور غلط میں فرق سمجھاتی ہے۔ تعلیم کی وجہ سے انسان سمجھدار بنتا ہے اور اچھے فیصلے کرتا ہے۔ جو قوم تعلیم یافتہ ہوتی ہے، وہ ترقی کرتی ہے۔ اس لیے تعلیم کو قوم کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے۔

تعلیم انسان کی شخصیت سنوارتی ہے۔ انسان کی عادتوں اور کردار کو بہتر بناتی ہے۔ یہ ہمیں آداب، نظم وضبط، اور ذمہ داری سکھاتی ہے۔ ایک پڑھا لکھا انسان دوسروں کا احترام کرتا ہے اور معاشرے میں اچھا کردار ادا کرتا ہے۔

تعلیم کامیابی کا راستہ دکھاتی ہے۔ یہ کامیابی کی کنجی ہے۔ ہر اچھے پیشے کے لیے تعلیم ضروری ہے۔ تعلیم کے بغیر انسان آج کے دور میں آگے نہیں بڑھ سکتا۔ اسی لیے کامیاب مستقبل کے لیے تعلیم بہت ضروری ہے۔

تعلیم معاشرتی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ تعلیم یافتہ لوگ معاشرے میں شعور پیدا کرتے ہیں۔ اس سے غربت اور جرائم میں کمی آتی ہے۔ لوگ اپنے حقوق اور فرائض کو سمجھتے ہیں اور ایک بہتر معاشرہ بناتے ہیں۔

خواتین کے لیے بھی تعلیم بہت اہم ہے۔ ایک تعلیم یافتہ ماں اپنے بچوں کی اچھی تربیت کر سکتی ہے۔ اگر عورت پڑھی لکھی ہو تو پورا خاندان تعلیم یافتہ ہو جاتا ہے۔ جو قومیں تعلیم پر توجہ دیتی ہیں، وہ ترقی کرتی ہیں۔ تعلیم یافتہ لوگ ملک کی معیشت کو مضبوط بناتے ہیں اور ملک کا نام روشن کرتے ہیں۔

تعلیم ہماری زندگی اور ہمارے مستقبل کے لیے بہت ضروری ہے۔

ہمیں چاہیے کہ ہم تعلیم حاصل کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اہمیت کا احساس دلائیں۔ تعلیم ہی کامیابی اور روشن مستقبل کا ایک روشن راستہ ہے۔

کبھی ایک جملہ ہی زندگی بدل دیتا ہے

حیاء عزیز
بی ایڈ (ڈھائی سالہ پروگرام - پہلا سمسٹر 2026)

آج میں آپ سب کے ساتھ اپنی زندگی کے وہ لمحات شیئر کرنا چاہتی ہوں جن سے میں نے اپنی زندگی میں بہت کچھ سیکھا ہے۔ میں اپنے اسکول کی وہ طالبہ تھی جو پڑھائی میں حد سے زیادہ کمزور تھی حالاں کہ اسکول میں بہت سی سرگرمیاں بھی ہوا کرتی تھیں، مگر میں ہمیشہ پیچھے ہی رہا کرتی تھی۔ میں کسی بھی چیز میں حصہ نہیں لیتی تھی اور ساتھ ہی ساتھ پڑھائی میں بھی بہت کمزور تھی۔ اسکول کے زمانے میں اکثر فیل ہوا کرتی تھی، جس کی وجہ سے ہمارے اسکول میں چھٹی کے بعد کمزور بچوں کی اضافی کلاسز لی جاتی تھیں۔ میں بھی ان ہی کمزور طلبہ میں شامل تھی۔

میں شام پانچ بجے اسکول سے گھر آیا کرتی تھی۔ گھر آتے ہی سب سے پہلے کھانا کھاتی، اس کے بعد سپارہ والی باجی کے پاس قرآنِ پاک پڑھنے

اردو کی اہمیت اور ہمارا رویہ

رابعہ خان
بی ایڈ (چارسالہ پروگرام - پانچواں سمسٹر 2026)

اردو صرف ایک زبان نہیں بلکہ ایک احساس ہے۔ یہ ہمارے جذبات کی ترجمان اور ہماری تہذیب کی آئینہ دار ہے۔ یہ ہماری قومی شناخت ہے۔ اس کی مٹھاس، نرمی اور شائستگی اسے دوسری زبانوں سے ممتاز بناتی ہے۔ اردو وہ زبان ہے جو دلوں کو جوڑتی ہے اور محبت کا پیغام دیتی ہے۔

لیکن۔۔

بدقسمتی سے آج کل کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اردو میں کوئی اسکوپ نہیں ہے، اس لیے وہ اسے اہمیت نہیں دیتے۔ وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ترقی صرف انگریزی کے ذریعے ممکن ہے۔ حالاں کہ ہر زبان کا اپنا مقام اور اہمیت ہوتی ہے۔ زبان کا دائرہ کار اس کے بولنے والوں سے بنتا ہے۔ اگر ہم خود اپنی زبان سے دوری اختیار کر لیں گے تو اس کی ترقی کیسے ہو گی؟

اکثریت یہ بھی نہیں جانتی کہ اردو 64 کروڑ لوگوں کے لیے لنگوا فرانکا بین الاقوامی رابطے کی زبان ہے۔ بقول ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی کچھ صدیاں پہلے تک انگریزی میں سولہ ہزار الفاظ تھے۔ یعنی انگریزی نے علوم کے فروغ سے ترقی کے سفر کا آغاز کیا۔ اپنی زبان پر فخر، اس کے اعزاز میں اضافہ کا جذبہ اور حکومت کی سنجیدگی، یہ تمام عوامل آہستہ آہستہ زبان کی ترقی کا سبب بنتے ہیں۔ قومی زبان میں تعلیم اور قومی امور میں اس کا لازمی استعمال ہی اردو کو ہمارا سرمایہ افتخار بنا سکتا ہے۔

اردو نے بہت کم عرصہ میں زبان و ادب کی اصناف میں قابل قدر اضافہ کیا ہے اور ہمیں بین الاقوامی شہرت یافتہ عظیم شاعر، ادیب اور مفکر عطا کیے ہیں۔ ان شخصیات نے اپنے قلم کے ذریعے نہ صرف اردو کو وسعت دی بلکہ اسے دنیا بھر میں متعارف کروایا۔ ان کا کام اس بات کا ثبوت ہے کہ اردو ایک مضبوط اور باوقار زبان ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بچوں میں اردو کا رجحان کم کیوں ہوتا جا رہا ہے؟ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم خود اردو کو سنجیدگی سے نہیں لیتے۔ اکثر یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ اردو کوئی بھی استاد پڑھا سکتا ہے، حالاں کہ ہر مضمون کی طرح اردو پڑھانے کے لیے بھی مہارت، ذوق اور درست تلفظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب کسی مضمون کو اہمیت نہیں دی جاتی تو طلبہ بھی اسے سنجیدہ نہیں لیتے۔ اس کے علاوہ معاشرتی رویے بھی اس تبدیلی کا سبب بن رہے ہیں۔ بعض اوقات بچوں کو یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ اردو کمزور طلبہ کا مضمون ہے، جب کہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ زبان سیکھنا محنت اور مشق کا تقاضا کرتا ہے، چاہے وہ اردو ہو یا انگریزی۔

آخر میں یہی کہنا مناسب ہو گا کہ زبان کوئی بھی ہو، اسے سیکھنا چاہیے کیونکہ ہر زبان علم کے دروازے کھولتی ہے۔ لیکن قومی زبان ہماری پہچان ہوتی ہے، ہماری تہذیب و تاریخ کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ ہمیں دوسری زبانیں ضرور سیکھنی چاہئیں، مگر اپنی قومی زبان کو کبھی نہیں بھولنا چاہیے۔ اردو ہماری شان ہے اور اس کی حفاظت اور ترویج ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

کسے تہذیب کہتے ہیں، وہ خود ہی جان جائیں گے
تم اپنے اپنے بچوں کو فقط اردو سکھا دینا

ماحصل (Product)، اور سیکھنے کے ماحول (Learning Environment) میں مختلف انداز سے پیش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ ہر طالب علم اپنی انفرادی ضروریات کے مطابق بہترین نتائج حاصل کر سکے۔ اساتذہ کو ایسے جدید ذرائع کی ضرورت ہے جو طلبہ کی انفرادی ضروریات، صلاحیتوں اور سیکھنے کے انداز کو مدِنظر رکھتے ہوئے تدریس کو مؤثر بنائیں۔ اس ضمن میں گوگل نوٹ بک ایل ایم (Google NotebookLM) ایک مؤثر ڈیجیٹل ٹول ثابت ہو سکتا ہے۔

گوگل نوٹ بک ایل ایم ایک جدید AI-based تعلیمی ٹول ہے جو اساتذہ اور طلبہ کو تعلیمی مواد منظم کرنے، سمجھنے اور اس پر کام کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس میں مختلف ذرائع سے تعلیمی مواد جیسے پی ڈی ایف فائلز، لیکچر نوٹس، مضامین، کتب، ویب سائٹس، یوٹیوب وڈیو وغیرہ اپ لوڈ اور کاپی کر سکتے ہیں، اور پھر انہی مواد کی بنیاد پر خلاصہ، سوالات، وضاحتیں اور نوٹس تیار کیے جا سکتے ہیں۔ دوسرے AI ٹول (چیٹ بوٹس) کی نسبت اس کی انفرادیت یہ ہے کہ یہ دیے گئے مواد کی مدد سے ہی (تحریری اور سمعی و بصری) نتائج تیار کرتا ہے اس لئے غلطی کے امکانات کم ہوتے ہیں۔

نوٹ بک ایل ایم کے استعمال کے مراحل:

• مرحلہ 1: NotebookLM.google.com پر جائیں "Try NotebookLM" . پر کلک کریں اور اپنے Google اکاؤنٹ سے لاگ ان کریں۔ یا اپنا Gmail Box اوپن کریں اور نائن ڈاٹس پر مشتمل جی میل ایپس ٹول کی فہرست میں گوگل نوٹ بک تلاش کریں۔

• مرحلہ 2: لاگ ان ہونے کے بعد "create" سے نئی نوٹ بک بنائیں یہاں دستیاب چار ذرائع (PDF، Google Docs، ویڈیو/ویب سائٹ لنکس یا کاپی پیسٹ) میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے اپنا مواد اپ لوڈ (انسرٹ) کریں، وہ فوراً اس کا تجزیہ شروع کر دے گا، اگر چاہیں تو دوسرے چیٹ بوٹس کی طرح براہ راست پرامٹ لکھ کر مختلف ذہنی سطح اور عمر کے مطابق خلاصے اور نوٹس تیار کرالیں۔

• مرحلہ 3: نوٹ بک ایل ایم سے متنوع قسم کا مواد تیار کرنے کے لئے Studio میں موجود مختلف آپشن جیسے آڈیو پاڈ کاسٹ، وضاحتی وڈیو، سوال و جواب پر مشتمل فلیش کارڈ، مائنڈ میپ، انفوگرافس، پریزنٹیشن، کوئز وغیرہ میں سے کسی ایک یا زائد کا انتخاب کر کے اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق مختلف زبانوں میں بھی تعلیمی و تدریسی مواد تیار کر سکتے ہیں۔ مطلوبہ نتائج کو ڈاؤنلوڈ اور شئیر کیا جا سکتا ہے۔

بلاشبہ ہر طالب علم کی سیکھنے کی رفتار اور انداز مختلف ہوتا ہے جو اسے دوسروں سے ممتاز کرتا ہے جسے ہم انفرادیت بھی کہتے ہیں اور تعلیم کا مقصد اسی انفرادیت (خودی) کی تلاش و نشوونما ہے۔ اس ضمن میں گوگل NotebookLM ایک بہترین انتخاب ہے۔ یہ مصنوعی ذہانت (AI) کا ایک ایسا طاقتور ٹول ہے جو اساتذہ کے لیے آج کے طلبہ کی نفسیات، ضروریات اور امنگوں کے مطابق تدریس کو بہت آسان ہی نہیں، معنی خیز بھی بنا دیتا ہے۔

متفرق تدریس بذریعہ گوگل نوٹ بک ایل ایم

پروفیسر ڈاکٹر سہیل احمد
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

Differentiated Instruction کا اردو میں مطلب:

"متفرق تدریس" یا "فرق کے مطابق تدریس"

سادہ الفاظ میں:

یہ ایک تدریسی طریقہ ہے جس میں استاد طلبہ کی مختلف صلاحیتوں، سیکھنے کی رفتار، دلچسپیوں، اور ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پڑھانے کا انداز بدلتا ہے تا کہ ہر طالب علم بہتر طریقے سے سیکھ سکے۔

مثال کے طور پر:

ایک ہی کلاس میں کچھ طلبہ تیزی سے سیکھتے ہیں، کچھ کو زیادہ وضاحت چاہیے ہوتی ہے۔ اس صورت میں استاد مختلف سرگرمیاں دے سکتا ہے، مشکل یا آسان مواد فراہم کرسکتا ہے، الگ الگ طریقے سے سمجھا سکتا ہے تا کہ سب طلبہ مؤثر طریقے سے سمجھ سکیں۔

مختصر تعریف:

Differentiated Instruction = طلبہ کے فرق کو دیکھتے ہوئے تدریس کرنا

(Confidence: 96٪ ± 3٪)

کلاس روم شاید معاشرے کی وہ سب سے پیچیدہ جگہ ہے جہاں ایک استاد کا ایک ہی وقت میں متفرق مزاج، صلاحیتوں، پس منظر اور دلچسپی کے حامل بچوں سے سابقہ ہوتا ہے جن کو بیک وقت ایک ساتھ پڑھانا اور سب کو یکساں مطمئن کرنا بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ درس و تدریس کے پیشہ سے وابستہ افراد ذہانت کے مختلف درجوں اور انواع و اقسام (ہر گُلے را رنگ و بُوئے دِیگر اَست) کے ساتھ ساتھ ہاورڈ گارڈنر کے کثیر الذہانتی نظریہ اور متنوع یا متفرق تدریس کے تصورات سے نظریاتی طور پر تو آگاہ ہیں لیکن جماعتی تدریس میں ان کا عملی اطلاق مختلف وجوہات کی بنا پر خال خال ہی نظر آتا ہے۔

زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح مصنوعی ذہانت (AI) کا تعلیم میں بھی استعمال عام ہوتا جارہا ہے۔ بدقسمتی یا خوش قسمتی سے اساتذہ سے زیادہ طلبہ اس کا استعمال کر رہے ہیں، اس میں بدقسمتی یہ ہے کہ ان کے لئے مناسب رہنمائی دستیاب نہیں۔ بہت سے اساتذہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ مصنوعی ذہانت (AI) طلبہ کی بہت سی صلاحیتوں کو سلب کر رہی ہے جب کہ حقیقت شاید اس کے برعکس ہو۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی تخلیقی صلاحیتوں کی تعریف کا از سرِ نو جائزہ لیں۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ٹیکنالوجی ہماری دوست ہے نا کہ دشمن اور AI کو ہمیں ایک امکان یا آپرچونیٹی کے طور پر لینا چاہئے۔ اس ٹیکنالوجی سے وا ہونے والے دریچوں کو مسخر کرنے کی ضرورت ہے نا کہ انجانے خوف میں مبتلا ہونے کی۔ اچھا اور برا استعمال تو ٹیکنالوجی کا ہی نہیں کسی بھی انسانی صلاحیت کا ہوسکتا ہے۔

موجودہ دور میں تعلیمی نظام تیزی سے انفرادیت پسند تدریسی طریقوں اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ تفریقی یا تنوعی تدریس (Differentiated Instruction) ایک ایسا تدریسی طریقہ ہے جس میں تمام طلبہ کو یکساں طریقے سے پڑھانے کے بجائے ان کے درمیان پائے جانے والے انفرادی اختلافات اور تنوع جیسے ذہانت، دلچسپی اور رفتار کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ تنوعی تدریس کے عمل کو چار اہم شعبوں یعنی مواد (Content)، عمل (Process)،

سورۃ الانبیاء کی آیت 107 میں دیگر دنیاؤں کی طرف اشارہ

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ

ترجمہ: اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

قرآن مجید کی اس آیت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ہماری دنیا کے علاوہ بھی کائنات ہیں اور بھی دنیائیں ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان تمام دنیاؤں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا۔ اگر تھوڑی دیر کے لیے یہ فرض کر لیا جائے کہ یہاں عالمین سے مراد ہماری عارضی اور ابدی دنیائیں ہیں تو اس آیت میں "عالمین" کے بجائے "عالمان" کا لفظ ہوتا۔ عربی وہ زبان ہے جس میں دو چیزوں کے لیے الگ صیغہ استعمال کیا جاتا تو ایک کتاب کو "کتاب" کہتے ہیں جب کہ دو کتابوں کو "کتابان" کہا جاتا ہے، اسی طرح ایک دنیا کو "عالم" اور دو دنیاؤں کو "عالمان" کہا جاتا ہے۔ بلا شبہ ہماری زمین کو یہ عظیم شرف حاصل ہے کہ یہیں پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ اور والد کا وصال ہوا۔ یہی زمین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آرام گاہ روضہ اقدس ہے جو کہ اہل ایمان کے لیے محبت و عقیدت کا مرکز ہے۔ یہی زمین وحی، قرآن اور نبوت کی روشنی سے منور ہوئی۔ یہ اس زمین (ہماری دنیا) کا ایسا اعزاز ہے جو کسی اور جگہ (دنیاؤں) کو حاصل نہیں۔

اگر ہم سورۃ الانبیاء کی آیت نمبر 107 کو سائنسی دریافتوں کے ساتھ رکھ کر دیکھیں، جیسے کہ ناسا کی ایگزوپلینیٹ کی تحقیق، تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ اگر کائنات میں کہیں اور بھی زندگی ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت وہاں کے لیے بھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت عالمگیر نوعیت کی ہے حتی کہ ان جہانوں کے لیے بھی جنہیں ہم نہیں جانتے۔

مختصر یہ کہ خلائی سائنس آج جس حقیقت کو دریافت کرنے کی کوشش کر رہی ہے، قرآن نے صدیوں پہلے اس کی جھلک دکھادی تھی جس کا اندازہ سورہ الفاتحہ کی پہلی آیت الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِینَ (تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جو تمام جہانوں کا رب ہے) اور سورۃ الانبیاء کی آیت نمبر 107 وَمَا أَرْسَلْنَاکَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِینَ (اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے) سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

جہانوں کی تلاش: ناسا کی تحقیق اور قرآن کی رہنمائی

پروفیسر وسیم سجاد
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

انسان ہمیشہ سے کائنات میں غور وفکر اور ستاروں پر کمند ڈالنے کی جستجو میں رہا ہے۔ وقت کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ اس کی استعداد اور علمی قابلیت میں اضافہ ہوتا رہا ہے۔ انسانیت کی اس ترقی میں انبیاء علیہم السلام اور ان کے اصحاب کی کاوشیں بنیادی کردار ادا کرتی رہیں ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اس جدوجہد نے ایک نیا رخ اختیار کیا اور عقل انسانی کو خدا شناسی کی جانب مائل کیا اور دعائے خلیل علیہ السلام اور نوید مسیحا علیہ السلام خاتم المرسلین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے انسانیت کی خدمت کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ مسلمانوں نے عالمی انسانی ورثے کو کھنگالا اور تجربات سے انہیں آگے بڑھایا۔ ہوابازی کے ابتدائی تجربات میں بھی مسلمان ہوابازابن فرناس کا بنیادی کردار ہے۔ یہی وہ لمحات ہیں جب تین سو سال تک یورپ کی علمی زبان عربی رہی، سائنسی علوم نے یورپ کو ڈارک ایج سے نکلنے میں مدد دی۔

خلائی دوڑ (Space Race) گزشتہ صدی میں جنگ عظیم کے بعد ریاست ہائے متحدہ امریکا اور سوویت اتحاد کے درمیان 1957ء سے 1975ء تک جاری رہنے والا ایک بے ضابطہ مقابلہ تھا۔ حقیقتاً خلائی دوڑ کا آغاز 4 اکتوبر 1957ء کو سوویت اتحاد کی جانب سے Sputnik 1 کو خلا میں بھیجنے سے ہوا۔ قومی ہوا پیمائی اور خلائی انتظامیہ (National Aeronautics and Space Administration) یا ناسا (NASA) ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا قومی خلائی تحقیقی ادارہ ہے۔ یہ ادارہ 29 جولائی 1958ء کو امریکہ میں قائم کیا گیا۔ اس کا آغاز خلا میں سائنسی تحقیق، خلائی سفر اور ایرو اسپیس (ہوابازی) ٹیکنالوجی کی ترقی کے لیے کیا گیا۔ اس کا مرکزی دفتر واشنگٹن ڈی سی، امریکہ میں ہے۔

ناسا کی خدمات

- 1969ء میں انسان کو چاند پر اتارنے کا عظیم کارنامہ انجام دیا۔
- ہزاروں سیاروں اور کہکشاؤں کی دریافت کی۔
- بین االقوامی خلائی اسٹیشن قائم کیا۔
- خلا اور زمین کے بارے میں علم حاصل کیا۔
- نئی ٹیکنالوجیز اور خلائی تحقیق کو فروغ دیا۔

کیا ہماری دنیا کے علاوہ بھی کائنات میں دوسری دنیائیں موجود ہیں؟

ایک بہت دلچسپ سوال ہے جس کا جواب تلاش کرنے کے لیے ناسا اور دیگر دوسرے خلائی تحقیقاتی ادارے کافی عرصے سے کام کر رہے ہیں۔ ناسا نے ہزاروں ایسے سیارے دریافت کیے ہیں جو دوسرے ستاروں کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ ان سیاروں کو ایگزو پلینٹس کہا جاتا ہے۔ کچھ سیارے ایسے بھی ہیں جو گولڈی لاکس زون میں ہیں جہاں درجہ حرارت اتنا معتدل ہے کہ وہاں پانی مائع شکل میں موجود ہوسکتا ہے، اور یہ زندگی کے لیے ضروری عنصر ہے۔ ناسا ابھی تک کسی اور دنیا میں زندگی کے براہ راست آثار کا پتہ لگانے میں ناکام رہا ہے، لیکن وہ ایسے شواہد تلاش کرنے کی کوشش میں ہے جو یہ بتا سکے کہ کہیں زندگی موجود ہوسکتی ہے یا ماضی میں کبھی تھی مختصر یہ کہ ابھی تک ناسا کو کسی اور دنیا میں زندگی کے قطعی شواہد نہیں ملے، مگر بہت سی ایسی جگہیں دریافت ہوچکی ہیں جہاں زندگی کے امکانات موجود ہوسکتے ہیں۔ ناسا اور دوسرے ادارے مسلسل تحقیق کر رہے ہیں تا کہ اس سوال کا جواب مل سکے کہ "کیا ہماری دنیا کے علاوہ بھی کائنات میں دوسری دنیائیں موجود ہیں؟"

وکیل، ججز، سیاستدان، حتی کہ حکمران بھی بنتے ہیں۔

موجودہ دور میں اگرچہ ٹیکنالوجی، ترقی اور سہولتوں نے زندگی کو بدل دیا ہے، لیکن استاد کی اہمیت اور ضرورت آج بھی پہلے کی طرح ہے۔ آج بھی ایک قابل استاد ہی طلبہ کی رہنمائی کرتا ہے اور انہیں معاشرے کا مفید فرد بنانے کے لیے تربیت دیتا ہے۔ مگر بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں استاد کو وہ عزت اور مقام نہیں دیا جاتا جس کا وہ حق دار ہے۔ جب کبھی کوئی قومی ذمہ داری آتی ہے جیسے الیکشن، مردم شماری، یا دیگر سرکاری کام، تو سب سے پہلے اساتذہ کو ہی اس کام پر لگایا جاتا ہے۔ وہ اپنی تعلیمی ذمہ داری کے علاوہ ان سب کاموں کا بوجھ بھی اٹھاتے ہیں، مگر اس کے باوجود انھیں وہ مقام، عزت اور سہولیات نہیں دی جاتیں جس کے وہ مستحق ہیں۔ ہمارے معاشرے میں سب سے زیادہ عزت ججز کی ہے اور ان کی عزت کرنی بھی چاہیئے۔ ججز کی وہ بھی عزت کرتے ہیں جن کے حق میں انھوں نے فیصلہ دیا ہوتا ہے لیکن ان کی عزت تو وہ بھی کرتے ہیں جن کے خلاف فیصلہ دیا ہوتا ہے اور وہ لوگ بھی ان کی عزت کرتے ہیں جن کا کبھی ان سے واسطہ بھی نہیں پڑا ہوتا۔ استاد کا مقام تو ججز سے بھی بڑھ کر ہے کیوں کہ ججز کو بنانے والے بھی تو استاد ہیں۔ اس لیے اساتذہ کی بھی سب کو عزت کرنی چاہیے چاہے انھوں نے کسی کو پڑھایا ہو یا نہ پڑھایا ہو۔

امتحانات کا انعقاد کروانا ایک استاد کی اہم ذمہ داریوں میں شمار ہوتا ہے، کیوں کہ اس کے ذریعے طلبہ کی تعلیمی قابلیت اور سیکھنے کے عمل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ایک منصفانہ، شفاف اور منظم امتحانی عمل نہ صرف طلبہ کی کارکردگی کو بہتر انداز میں پرکھنے میں مدد دیتا ہے بلکہ تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ استاد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ امتحانات کے دوران نظم وضبط قائم رکھے اور تمام مراحل کو دیانت داری سے سرانجام دے۔ جب اساتذہ امتحانات کے عمل کو شفاف اور منصفانہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور نقل جیسی منفی سرگرمیوں کی روک تھام میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو انہیں کئی قسم کے دباؤ اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بعض اوقات انہیں بااثر افراد یا طلبہ کے خاندانوں کی طرف سے دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ بعض اوقات انہیں سنگین نوعیت کی دھمکیاں بھی دی جاتی ہیں۔ ایسے حالات میں اساتذہ کی جان کو حقیقی خطرات لاحق ہو جاتے ہیں جو نہ صرف ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو متاثر کرتے ہیں بلکہ ان کی ذاتی زندگی اور ذہنی سکون پر بھی منفی اثر ڈالتے ہیں۔ لہذا ضروری ہے کہ امتحانی نظام کو محفوظ بنانے کے لیے اساتذہ کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے تا کہ وہ بلا خوف وخطر اپنی ذمہ داریاں ادا کرسکیں۔ کچھ عرصہ قبل حکومت نے سرکاری اور نجی ہسپتالوں کے عملے کے تحفظ کے لیے ایک قانون پاس کیا ہے جس میں عملے سے جھگڑا کرنے انھیں نقصان پہنچانے کے حوالے سے مختلف دفعات کے تحت سزائیں بھی مقرر کی گئیں ہیں۔

حکومت وقت سے اپیل ہے کہ اساتذہ کے تحفظ اور عزت کے لیے بھی باقاعدہ قانون سازی کی جائے تا کہ اسکولز، کالجز اور جامعات میں پڑھانے والے اساتذہ کو قانونی تحفظ مل سکے اور وہ بغیر کسی خوف کے اپنی ذمہ داریاں ادا کرسکیں۔ مختصر یہ کہ ایک معاشرہ صرف اس وقت ترقی کرسکتا ہے جب وہ اپنے اساتذہ کو عزت دے، ان کا تحفظ کرے اور ان کی اہمیت کو سمجھے۔ استاد صرف ایک فرد نہیں، بلکہ ایک ادارہ ہوتا ہے، جو نسلوں کی تعمیر کرتا ہے۔ اس کی عزت سب پر فرض ہے۔

تعلیم میں تنقیدی سوچ کی اہمیت

سیدہ لبنیٰ حسین
بی ایڈ (ڈھائی سالہ پروگرام - پانچواں سمسٹر 2026)

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کا ستون ہوتی ہے، اور تنقیدی سوچ اس ستون کو مضبوط بنانے کا بنیادی ذریعہ ہے۔ جب طلبہ محض رٹنے اور یاد کرنے کے بجائے چیزوں کو سمجھنے، پرکھنے اور تجزیہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، تو وہ نہ صرف علم کو گہرائی سے سمجھتے ہیں بلکہ اسے اپنی زندگی میں مؤثر انداز سے استعمال بھی کرتے ہیں۔ اس لیے اگر ہم تعلیمی سطح کے معیار کو بہتر بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں تدریسی طریقوں میں تنقیدی سوچ کو مرکزی حیثیت دینی ہوگی۔

ہمارے موجودہ تعلیمی نظام میں اکثر طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ نصاب کو حفظ کر کے امتحان میں اچھے نمبر لائیں، بغیر یہ سمجھے کہ وہ کیا پڑھ رہے ہیں اور کیوں پڑھ رہے ہیں۔ یہ طرزِ تعلیم نہ صرف طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو دباتی ہے بلکہ انہیں محض پیروی کرنے والا بنا دیتی ہے۔ تنقیدی سوچ کا فروغ اس رجحان کو توڑتا ہے۔ جب طلبہ کو سوال پوچھنے، مختلف نظریات کا موازنہ کرنے اور دلائل کی بنیاد پر فیصلے کرنے کی آزادی دی جاتی ہے، تو ان کی علمی استعداد بڑھتی ہے اور وہ خود اعتماد شہری بن کر ابھرتے ہیں۔

تعلیمی اداروں میں ایسا ماحول پیدا کرنا ضروری ہے جہاں اساتذہ خود بھی تنقیدی انداز فکر کے حامل ہوں اور طلبہ کو اسی روش پر تربیت دیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو صرف معلومات فراہم کرنے والے نہیں بلکہ ایک رہنما، مشیر اور محرک کی حیثیت سے رہنمائی کریں۔ درسی کتب میں ایسے سوالات شامل کیے جائیں جو صرف یادداشت کے نہیں بلکہ تجزیے، تشخیص اور تخلیق پر مبنی ہوں۔ طلبہ کو مباحثوں، تحقیقی منصوبوں، اور عملی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے تاکہ وہ حقیقی دنیا کے مسائل کو سوچنے اور ان پر اپنی رائے قائم کرنے کے قابل بن سکیں۔

مزید برآں، تعلیمی پالیسی ساز اداروں کو چاہیے کہ وہ نصاب سازی میں تنقیدی سوچ کو ایک کلیدی ہدف کے طور پر اپنائیں۔ امتحانی نظام کو بھی تبدیل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ صرف معلومات جانچنے کا ذریعہ نہ ہو بلکہ طلبہ کی تفہیم، سوچ اور اطلاق کی صلاحیتوں کا اندازہ لگایا جا سکے۔ والدین اور معاشرہ بھی اس عمل کا اہم حصہ ہیں۔ جب گھروں اور معاشرے میں بھی سوالات پوچھنے، اختلافِ رائے کی گنجائش اور مکالمے کی روایت کو فروغ ملے گا، تبھی تنقیدی سوچ ایک قومی مزاج کا حصہ بنے گی۔

استاد کا مقام اور ہمارے معاشرے کا رویہ

پروفیسر وسیم سجاد
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

استاد کو دنیا کے ہر مہذب معاشرے میں ایک اعلیٰ اور معزز مقام حاصل ہے۔ استاد کسی بھی قوم کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ وہ نہ صرف علم سکھاتا ہے بلکہ کردار سازی، تربیت، اخلاق اور سوچنے کا سلیقہ بھی دیتا ہے۔ استاد قوم کا معمار ہوتا ہے، جس کی محنت سے ڈاکٹر، انجینیئرز،

یہ سوچا سمجھا منصوبہ ہے، اس کا باقاعدہ کوئی کرنے والا ہے اور وہ کرنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے جانوروں کے جسموں میں بھی ایسی شاندار ترتیب اور نظام بنایا ہوا ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کی ہی شان اور قدرت ہے، کسی بھی انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

تیسری نشانی:

اللہ تعالیٰ کی قدرت اور عظمت کی تیسری بڑے نشانی وہ ہے جو کہ سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 190 میں بیان ہوئی ہے کہ: بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کی باہم تبدیلی میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

یہی عظیم بات اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور کی آیت نمبر 44 میں یوں بیان کی ہے کہ: اللہ رات اور دن کو تبدیل فرماتا ہے، بیشک اس میں آنکھ والوں کیلئے سمجھنے کا مقام ہے۔

پوری کائنات میں رات اور دن کی تبدیلی کا جو یہ عظیم اہم اور بڑا عمل ہے یہ خود بخود نہیں ہوتا، اچانک نہیں ہو جاتا۔ یہ باقاعدہ ایک System ہے اور کوئی بہت عظیم اور طاقتور ہستی اس عظیم کام کو پوری حکمت اور پابندی سے کرنے والی ہے اور یقیناً وہ محض اللہ تعالیٰ کی ہی ذات ہے۔ بلاشبہ رات اور دن کا تبدیل ہونا اور رات اور دن کا پابندی سے منظم انداز میں آنا اور منظم انداز میں چھوٹا اور بڑا ہونا یہ سب صرف اللہ تعالیٰ کی ہی شان اور قدرت ہے، کسی بھی انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

چوتھی نشانی:

اللہ تعالیٰ کی قدرت اور عظمت کی چوتھی بڑے نشانی وہ ہے جو کہ سورۂ روم کی آیت نمبر 19 میں بیان ہوئی ہے کہ: وہ زندہ کو بے جان سے نکالتا ہے اور بے جان کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کرتا ہے اور یوں ہی تم نکالے جاؤ گے۔

اس عظیم نشانی کی دو اہم مثالیں ہیں۔ پہلی مثال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ زندہ مرغی میں سے مُردہ انڈے کو اور مُردہ اور بے جان انڈے میں زندہ چوزے کو نکال کر دکھا دیتا ہے جو کہ محض اللہ تعالیٰ کی ہی قدرت ہے، کسی بھی انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ اور مُردہ میں سے زندہ کو اور زندہ میں سے مُردہ کو نکالنے کی دوسری مثال یہ ہے کہ ہم جو بھی پھل یا فروٹ استعمال کرتے ہیں تو اُن پھلوں میں سے جو بیج اور گٹھلیاں نکلتی ہیں وہ مُردہ اور بے جان ہوتی ہیں اور جب انہی بیجوں اور گٹھلیوں کو زمین میں بویا جاتا ہے اور اُن پر پابندی سے پانی ڈالا جاتا ہے تو انہی بیجوں اور گٹھلیوں میں سے شروع میں چھوٹے چھوٹے پودے نکلتے ہیں اور بعد میں یہی پودے آہستہ آہستہ مضبوط اور تن آور درخت بن جاتے ہیں جن میں بہت سے مردہ اور بے جان پھل لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ تو مُردہ اور بے جان گٹھلیوں میں سے زندہ درختوں کو اور زندہ درختوں میں سے مُردہ پھلوں کو نکالنا محض اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے، کسی بھی انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

تو یہ ہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت کی چار عظیم اور اہم نشانیاں جو کہ قرآن کریم میں بیان ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں اپنی زندگی کے تمام معاملات میں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ بلاشبہ یہ تعلیمات ہی ہماری عزت اور عظمت کا سرچشمہ ہیں۔ والحمد للہ رب العالمین۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کی چار عظیم نشانیاں

سید عبد الحلیم بن سید وسیم
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - پہلا سمسٹر 2026)

بلاشبہ ہمارا ایمان اور یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہمارا خالق و مالک ہے۔ وہی پوری دنیا اور کائنات کا بنانے والا بھی ہے اور چلانے والا بھی۔ اللہ کے لیے کسی بھی کام کو کرنا یا چیز کو بنانا ذرا بھی مشکل نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی شان اور عظمت تو یہ ہے کہ جب وہ کسی کام کو کرنے کا ارادہ فرماتا ہے یا چیز کو بنانا چاہتا ہے تو اُس سے صرف اتنا کہہ دیتا ہے کہ: (کُن) تُو ہو جا (فیکون) تو وہ ہو جاتی ہے۔

ہماری بھلائی اور کامیابی اسی میں ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول محترم حضرت محمد ﷺ کی فرماں برداری کریں۔ جن جن باتوں کا اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول محترم ﷺ نے حکم دیا ہے اُن پر عمل کریں اور جن جن کاموں اور باتوں سے انھوں نے منع فرمایا ہے اُن سے پوری طرح گریز کریں۔ اس میں ہمارے لیے عزت اور کامیابی ہے۔

بلاشبہ یوں تو اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بہت ساری نشانیاں ہیں مگر ہم اس تحریر میں اللہ کی قدرت کی چار اہم نشانیوں کا تذکرہ کریں گے جو کہ قرآن پاک سے ثابت ہیں اور جن کا جاننا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔

پہلی نشانی:

اللہ تعالیٰ کی قدرت کی پہلی اور عظیم نشانی جو کہ سورۂ لقمان کی آیت نمبر 10 میں بیان ہوئی ہے کہ: اس نے آسمانوں کو ان ستونوں کے بغیر بنایا جو تمہیں نظر آئیں۔

آپ آسمانوں کی طرف نگاہ اُٹھائیے اور آسمانوں میں چاروں طرف نگاہ گھمائے تو آپ کو چاروں طرف آسمان ہی آسمان نظر آئے گا، کہیں بھی کوئی سوراخ نہیں ہے، کوئی Gap نہیں ہے، کوئی جوڑ نہیں ہے۔ ایک تو آسمان کتنے عظیم، عمدہ اور شاندار ہیں، کتنے بڑے اور وسیع ہیں اور اتنے بڑے آسمانوں کو اللہ تعالیٰ نے کسی بھی ستون، کھمبے یا pil-lar کے بغیر ہی کھڑا کر کے دکھا دیا حالاں کہ سارے انسان مل کر بھی ایک چھوٹی سی چھت بھی بغیر ستونوں کے کھڑی کر کے نہیں دکھا سکتے۔ تو یہ محض اللہ تعالیٰ کی ہی شان اور قدرت ہے، کسی بھی انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔

دوسری نشانی:

اللہ تعالیٰ کی قدرت اور عظمت کی دوسری بڑی نشانی وہ ہے جو کہ سورۂ نحل کی آیت نمبر 66 میں بیان ہوئی ہے کہ: بیشک تمہارے لیے مویشیوں میں غور و فکر کی باتیں ہیں (وہ یہ کہ) ہم تمہیں ان کے پیٹوں سے گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ (نکال کر) پلاتے ہیں جو پینے والے کے گلے سے آسانی سے اترنے والا ہے۔

اونٹنی، گائے اور بکری کے پیٹ کے اندر دودھ بھی ہوتا ہے، خون بھی ہوتا ہے، گوبر بھی ہوتا ہے، پانی بھی ہوتا ہے اور پیشاب بھی ہوتا ہے اور گندگیاں اور غلاظتیں بھی ہوتی ہیں۔ مگر جب ہم دودھ نکالنے کے لیے بیٹھتے ہیں تو صرف خالص دودھ ہی نکلتا ہے، کوئی پانی یا پیشاب یا گندگی نہیں نکلتی۔ تو اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ کونسی عظیم ہستی ہے جس نے ایک یا دو اونٹنیوں کے پیٹوں میں نہیں بلکہ ہزاروں اونٹنیوں، ہزاروں گائیوں اور ہزاروں بکریوں کے پیٹوں میں یہ سسٹم لگایا ہوا ہے اور Engineering کی ہوئی ہے کہ دودھ کی جگہ سے دودھ ہی نکل رہا ہے اور گندگی کی جگہ سے گندگی ہی نکل رہی ہے تو اتنا عظیم کام خود بخود نہیں ہو گیا، اچانک نہیں ہو گیا، By Chance نہیں ہو گیا بلکہ

کراچی اور ساون کی موجیں

ثناء یوسف
بی ایس ایجوکیشن (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

کراچی میں برسات کا آنا ایسا ہی ہے جیسے رشتہ دار بغیر بتائے آجائیں۔ دل تو خوش ہوتا ہے لیکن حالات بگڑ جاتے ہیں۔ بادل گرجتے ہی کراچی والے موبائل نکال کر ویڈیو بنانے لگتے ہیں اور حکومت چھپنے کی جگہ ڈھونڈتی ہے۔ بارش شروع ہو تو بچے خوش، امیاں پریشان اور ابا جان بجلی کے بارے میں خبریں سنانے لگتے ہیں: "اب یہ چوبیس گھنٹے تو نہیں آئے گی!" لوگ چھت پر جا کر قدرتی رومانوی سین بناتے ہیں، پھر نیچے آ کر دو گھنٹے بخار اور چھینکوں کی ریکارڈنگ کرتے ہیں۔

جیسے ہی آسمان پر بادل آتے ہیں، کراچی والے فوراً دو طرح کے لوگوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں: ایک وہ جو خوشی سے چائے کے ساتھ پکوڑوں کے خواب دیکھتے ہیں، اور دوسرے وہ جو جانتے ہیں کہ اب پورا شہر سوئمنگ پول بننے والا ہے لیکن پس منظر میں جو سین منظر نظر آ رہا ہوتا ہے، وہ ایک "گٹر" ہے جو خوشی سے اُبل رہا ہے، اور ساتھ ایک موٹر سائیکل والا پانی میں ڈوبتا ہوا دعا کر رہا ہے کہ انجن بچ جائے۔

بارش ہوتے ہی کراچی کی سڑکیں اتنی جلدی جھیلوں میں بدل جاتی ہیں کہ نیوی والوں کو بھی رشک آنے لگے۔ ہر گلی، ہر چوراہا ایک ایسا منظر پیش کرتا ہے جیسے شہر میں "کشتی رانی" کا مقابلہ ہو رہا ہو، اگر آپ کے پاس گاڑی ہے تو مبارک ہو، آپ نے اپنی زندگی کا سب سے خطرناک "ریور رافٹنگ" کا تجربہ مفت میں حاصل کر لیا، اور اگر گاڑی نہیں ہے تو پھر آپ رکشے میں بیٹھ کر ایک حقیقی "ٹائٹینک" سین کا حصہ بن سکتے ہیں۔ جو لوگ سڑک پر پیدل نکلتے ہیں، وہ اکثر واپسی پر اپنی چپل، شناخت اور صبر کھو بیٹھتے ہیں۔

بارش کا سب سے بڑا تحفہ ٹریفک جام ہے۔ لوگ اپنی گاڑیوں میں پھنسے ایسے نظر آتے ہیں جیسے ڈرائیونگ لائسنس لینے کے بعد قسمت نے ان کے ساتھ کوئی مذاق کیا ہو۔ تین کلومیٹر کا سفر پانچ گھنٹے میں طے ہوتا ہے اور اس دوران آپ کے پاس اتنا وقت ہوتا ہے کہ آپ اپنی زندگی کے فلسفے پر غور کر لیں اور اگلے پانچ سال کا بجٹ بنا لیں۔

بارش ہوتے ہی بجلی کا پہلا ردعمل یہ ہوتا ہے کہ وہ فوراً چھٹی پر نکل جاتی ہے، جیسے کوئی ناراض محبوب۔ کے الیکٹرک کو جیسے پہلے ہی خبر دے دی جاتی ہے کہ "بھائی تیار رہنا"، آج تمہاری چھٹی ہے لوگ موبائل کی فل لائٹ جلا کے ایسے خوش ہوتے ہیں جیسے انہوں نے اپنی زندگی میں پہلی بار میوزک کانسرٹ دیکھا ہو۔

بارش ہو اور پکوڑے سموسے نہ ہوں ایسا کبھی نہیں ہوا۔ چاہے گھر میں پانی نہ آئے، بجلی نہ آئے، لیکن لوگ اس وقت تک خوش نہیں ہوتے جب تک چائے کے ساتھ پکوڑوں کی پلیٹ نہ آ جائے اور جو بہادر لوگ بارش میں ہوٹل تک پہنچتے ہیں وہ اپنی زندگی کے سب سے بڑے رسک لے رہے ہوتے ہیں کیونکہ پانی کے ساتھ ساتھ کچرہ، مچھلی اور نہ جانے کون کون سی مخلوق تیرتی ہوئی ملتی ہے۔

کراچی کی بارش میں محبت بھی ہے، مصیبت بھی، خوشبو بھی ہے، بدبو بھی۔ یہ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ خوش رہنے کے لیے بڑے بڑے حالات کا انتظار نہیں کرنا چاہیے بلکہ چھوٹی چھوٹی خوشیوں میں مزہ لینا چاہیے۔ چاہے وہ خوشی گٹر کے پانی کے بیچ بیٹھ کر چائے پینے میں ہی کیوں نہ ہو۔

آخر کار، کراچی کے لوگ ایک ہی نعرہ لگاتے ہیں: "بارش تم اپنی جگہ، ہم کراچی والے اپنی جگہ، دونوں کا ملاپ بس کبھی خوشی کبھی غم کی علامت!!"

صدی میں داخل ہوا تو وہ تصوف روایتی تصوف سے علیحدہ ایک اور طریقے کی ایک Field of Study بن گیا جس کو Sufism کے نام سے متعارف کرایا گیا۔ آج کل Sufism باقاعدہ طور پر Universities اور مدارس میں پڑھایا جاتا ہے جس میں لطائف کا ذکر ہوتا ہے اور مختلف صوفیا مثلاً شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ، بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ، سچل سرمست رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر کے کلام اور خدمات پر تحقیق بھی کی جاتی ہے۔ مگر اقبال نے ایک شعر یہ بھی کہا تھا کہ "فلسفہ رہ گیا تلقینِ غزالی نہ رہی" تو جب تصوف میں بھی روح نہیں رہی تو نتائج بدل گئے۔ تصوف اصل میں ایک میڈیم تھا جس طریقے سے گلاب جامن کے اندر ایک کڑوی گولی بچے کو کھلا دی جائے تو چوں کہ گلاب جامن کا حجم بڑا ہے اور وہ دکھ رہی ہے تو بچہ اس لطف کی وجہ سے وہ کڑوی گولی بھی کھالے گا۔

اسی طریقے سے تصوف بھی تھا کہ وہ لطائف جو کہ حلال تھے، ناجائز نہیں تھے ان میں وہ مشکل باتیں جو کہ عام طور پر انسان نہیں سمجھ پاتا تصوف نے اس کے لیے تفہیم کی راہ ہموار کی، Transmission کو ممکن بنایا، اس کی تدریس کی اور وہ تدریس کامیاب ہوئی مگر جب وہ کڑوی گولی ہی نکل گئی اور خالی لطف رہ گیا، خالی میوزک رہ گیا تو بے حیائی اور عریانی نے اپنے پیر پھیلا لیے اور اپنی جڑیں بنالیں اور Sufism آج کل مرد و زن کے درمیان رقص کا، عاشقی کا اور روابط کا نام رہ گیا اور جو کہ شریعت کے اسکالرز تھے ان کو برا بھلا کہنے کا نام ہو گیا، ان کو بے وقوف اور سفہاء سے تشبیہ دینے کا نام ہو گیا۔ آج کل Sufism مولوی حضرات کو بے وقوف اور Outdated کہہ کر اور اسلام کو میوزک اور لطائف کی طرف رغبت دینے والا ایک دین بتا کر بھی Practice کیا جا رہا ہے، مگر حقیقت میں یہ تصوف نہیں ہے۔

آج بھی اصلی تصوف کے حامل افراد موجود ہیں جو کہ تصوف کو جانتے ہیں اور Practice کرتے ہیں۔ صوفیا میں ایک بڑا نام حضرت محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جن کی following اہل سنت و اہل تشیع دونوں میں پائی جاتی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ امام خمینی کے کلام میں بھی ابن عربی کے کلام کی جھلک نظر آتی ہے۔ اسی طرح ایک شیعہ عالم کی کتاب "احسن العقائد" میں جگہ جگہ افکار ابن عربی بیان ہوئے ہیں۔ یہاں سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ تصوف ایک آفاقی نظریہ ہے جو مسلمانوں کے مختلف مسالک کو بھی اپنے اندر سمو لیتا ہے۔ یوں تصوف نے ثابت کیا کہ یہ "واعتصمو بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقوا" پر عمل کی ترغیب دیتا ہے اور اسی لیے ہم تصوف کے ماننے والے فرقہ واریت کے عدم کا عزم رکھتے ہیں۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ تصوف اپنی اصل روح میں انسان کے باطن کی اصلاح، محبتِ الٰہی، اخوتِ انسانی اور اخلاقی پاکیزگی کا نام ہے۔ یہ محض رسومات یا ظاہری لبادوں کا نام نہیں بلکہ دل کو نفرت، تکبر اور تعصب سے پاک کر کے اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کی ایک روحانی کوشش ہے۔ اگر تصوف کو اس کی حقیقی تعلیمات، یعنی تزکیۂ نفس، محبت، امن اور اعتدال کے ساتھ سمجھا اور اپنایا جائے تو یہ آج کے انتشار، فرقہ واریت اور روحانی خلا کے دور میں انسانیت کے لیے ایک مثبت اور تعمیری قوت ثابت ہو سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تصوف کو اس کی اصل تعلیمات اور قرآن و سنت کے دائرے میں سمجھا جائے تا کہ اس کی حقیقی روح دوبارہ زندہ ہو سکے۔

دور میں شروع ہوا تھا، جو کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے نظریے سے ابھرا تھا، وہ نظریہ Purification سے شروع ہوتا ہے اور خدا تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہے۔ اللہ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ "وابتغو الیہ الوسیلہ" تو تصوف درحقیقت اسی حکم کی تابعداری کا نام ہے۔

حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں تصوف آیا تو ایک تحریک لے کر آیا۔ یہ ایک لطیف تحریک تھی جس کو قوالی کہا گیا۔ آج سے پہلے قوالی نہیں تھی مگر بات ساری یہ ہے کہ ہر دور میں جو ہتھیار چل رہا ہے اسی ہتھیار سے جنگ کی جائے گی، تلوار کے دور میں Gun نہیں چلے گی اور Gun کے دور میں تلوار نہیں چلے گی۔ سامنے والا پتھر پھینک رہا تو آپ لکڑی کی چیزوں سے اس سے نہیں لڑیں گے، آپ پتھر سے ہی لڑیں گے۔ سامنے والا اگر ایٹم بم پھینک رہا ہے تو آپ اس سے گولیوں سے نہیں لڑیں گے بلکہ عقل کا تقاضا یہ ہے کہ آپ بھی اس سے ایٹم بم سے لڑیں گے۔

لہذا جب برصغیر میں یہ تصوف پہنچا تو اب یہاں دو راہیں تھیں۔ ایک روایتی طریقۂ تبلیغ تھا جس میں فقہ پر زیادہ زور تھا۔ محمد بن قاسم بھی یہاں آئے تو یہی طریقۂ تبلیغ ساتھ لائے جو کہ عرب میں رائج تھا۔ البتہ چوں کہ عجم کا مزاج مختلف تھا لہذا یہاں تصوف کا طریقۂ تبلیغ زیادہ رائج ہوا جس میں لطائف ہیں اور اسرار و رموز ہیں، ذکر و اذکار ہیں، Purification ہے اور باقاعدہ طور پر اس حوالے سے مشقیں ہیں۔ اسی کو طریقت کا نام دیا گیا۔

اب اس دور میں جب برصغیر میں اسلام آیا تو اسلام کے یہ دو رنگ تھے: ایک شریعت اور دوسرا طریقت۔ طریقت تصوف کا دوسرا نام ہے۔

جب سارنگی اور ہارمونیم کے ذریعے سے ہندو اپنے بھجن گاتے تھے اور اس سے لوگوں کو اپنی طرف Attract کرتے تھے تو اس کے جواب میں حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ نے تالیوں کی آواز سے ایک طریقہ کار ایجاد کیا کہ جس میں ترنم میں مناقب، مناقبِ خدا، مناقبِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم و آلِ محمد علیہم السلام، مناقبِ اسلام اور اسرارِ اسلام تالیوں کی گونج کے ساتھ متعارف ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ کئی لاکھ لوگ اس دور میں قوالی کے اس طریقے سے اسلام لے آئے، کئی براہمنوں نے اپنی چٹیاں کٹوائیں اور باقاعدہ طور پر اسلام لے آئے کیوں کہ جو موسیقی کا اہل باطل استعمال کر رہے تھے اب وہ استعمال اہل حق نے کیا۔ خاص آلات کو تو حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ نے استعمال نہیں کیا البتہ اللہ کی ہی دی ہوئی ہتھیلیوں سے جو آواز آئی، اس آواز نے باطل کے ہارمونیم کو شکست دے دی کیوں کہ اس آواز کے ساتھ خدا کا جو ذکر تھا وہ ایک خاص لطف پیدا کر رہا تھا اور معاملہ نور علیٰ نور کی کیفیت اختیار کر رہا تھا۔

اس طریقے سے تصوف کی دھاک بیٹھی اور پھر حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت جلال الدین حیدر سرخ پوش بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت لعل شہباز قلندر رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر صوفیائے کرام کی آمد نے برصغیر میں چار چاند لگا دیئے۔ اکبر کے بارے میں بھی ایک رائے یہ پائی جاتی ہے کہ وہ تصوف کا مخالف نہیں تھا۔ پھر آگے چل کر اس سرزمین پر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی تصوف کو فروغ دیا اور اپنے رسالے "شاہ جو رسالو" میں تصوف کو ایک نئی پہچان دی۔ اس رسالے میں خدا کی معرفت کے اسرار و رموز موجود ہیں۔ شاہ صاحب نے اپنے رنگ سے تصوف کو اور رنگین کر دیا۔ تصوف شاہ صاحب تک جب آیا تو ایک سکونت، ایک چین اور ایک امن کی پہچان بن گیا۔ سارے صوفیا کی جب وراثت شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ اور بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ تک آئی تو ان کے کلام نے نظریہ پاکستان کو بنیاد فراہم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کیا اور پھر آگے چل کر پاکستان کے اہم نغموں میں بابا بلھے شاہ، شاہ عبداللطیف بھٹائی اور دیگر صوفیا کے کلام شامل ہوئے یہاں تک کہ علامہ اقبال کا کلام "یا رب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے" بھی شامل ہوا۔ ان کلاموں نے تصوف کو ایک جدید شکل دی اور اب تصوف بیسویں صدی میں اور اکیسویں

دیگر حضراتِ علماء میں آیا جن میں واضح نام حضرت محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جن کو شیخِ اکبر کہا جاتا ہے اور ان کی بہت مشہور اور مایہ ناز کتاب "فتوحاتِ مکیہ" ہے جو کہ تصوف میں بہت اہمیت کی حامل ہے اور اسی میں انھوں نے باقاعدہ طور پر اپنا ایک نظریہ پیش کیا جو کہ تصوف میں پہلا نظریہ سمجھا جاتا ہے اور اسے "وحدت الوجود" کہتے ہیں۔

وحدت الوجود کا نظریہ جب سامنے آیا تو جو اس Level یا اس درجے کے لوگ تھے اُن کو تو سمجھ آ گیا مگر جو اس درجے کے لوگ نہیں تھے وہ اس کو نہیں سمجھ سکے اور اسے زندیقیت اور گمراہی قرار دے بیٹھے۔ وحدت الوجود کا آسان مفہوم یہ ہے کہ کوئی ذات، کوئی چیز مثلاً میں، تم، یہ دنیا، یہ پانی، یہ خشکی، یہ مٹی، الغرض کوئی بھی چیز جو موجود ہے اصل میں وہ موجود نہیں ہے، اصل میں اللہ موجود ہے اور ہم سب فرضی ہیں اور ہم خدا کی ذات کا ہی حصہ ہیں، نعوذ باللہ۔ اب نعوذ باللہ میں نے اس لیے لکھا ہے کیوں کہ میں خود بھی اس نظریے کی مکمل یا باقاعدہ طور پر قائل نہیں ہوں۔ مگر بہرحال مجھے وحدت الوجود کا نظریہ پیش کرنے والوں کی نیتوں پر شک نہیں ہے کیوں کہ وہ علماء اسلام تھے۔ مولانا اسحاق جو کہ ایک اہل حدیث عالم تھے انھوں نے بھی ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی توہین یا نفی نہیں کی بلکہ انھوں نے کہا کہ ابن عربی کا اپنا ایک نظریہ ہے اور ان کی اپنی ایک لغت ہے، جب آپ لغت کو سمجھیں گے تو آپ کو سمجھ میں آئے گا کہ یہ کفر و شرک اور زندیقیت نہیں ہے بلکہ یہ خدا تک لے جانے کا ایک طریقہ ہے جسے "وحدت الوجود" کہا گیا ہے۔

اس کے برعکس ایک اور نظریہ آیا جو کہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے متعارف کرایا اور وہ "وحدت الوجود" کے بالکل برعکس تھا اور اسے "وحدت الشہود" کہا گیا۔ اس کی اصل یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کو اس کی آیات سے پہچانا جائے۔ جیسا کہ قرآن کریم میں مختلف مقامات پر مختلف چیزوں کے حوالے سے ارشاد ہوتا ہے کہ اس میں نشانی ہے عقل والوں کے لیے۔ مثلاً خود انسان کے اندر نشانیاں ہیں۔ اللہ نے اپنی کتاب میں اپنے دلائل بے شمار بیان کیے ہیں۔ جو بھی اس کی مخلوق ہے اس کی دلیل ہے، اس کے ہونے کا جواز ہے، اس کے ہونے کا ثبوت ہے کہ مخلوق بغیر اپنے خالق کے کیسے وجود میں آسکتی ہے، تو کائنات کا چپا چپا خدا سے منسوب ہے اور خدا تک پہنچانے کا ایک راستہ ہے اور خدا کے وجود کی ایک نشانی ہے۔ یہی "وحدت الشہود" کا نظریہ ہے۔

ان دونوں نظریوں یعنی وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے ماننے والے اہل سنت میں پائے جاتے ہیں۔ کچھ لوگ دونوں کو بیک وقت مانتے ہیں جو کہ تھوڑی عجیب بات ہے کیوں کہ دونوں ایک دوسرے کے برعکس ہیں۔ بہرحال کچھ لوگ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ دونوں اپنی اپنی جگہ بالکل صحیح ہیں۔

جب تصوف کی باتیں غالب تک پہنچیں تو انھوں نے کہا کہ:

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالبؔ
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

اس شعر میں غالب نے اپنی بادہ خواری کا بھی اقرار کر لیا اور اپنی ولایت کا ابہام بھی دے دیا اور تصوف کے علم کا حامل اپنے آپ کو بتا دیا۔ اصل میں غلط کیا ہے؟ مخلوق پر ظلم۔ وہ کیا ہے؟ خدا سے دوری۔ وہ کیا ہے؟ اخلاق کی برائی۔ وہ کیا ہے؟ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کو حتیٰ کہ ایک انسان کا دوسرے انسان کو نقصان پہنچانا۔ اصل برائیاں یہ سب ہیں۔ بادہ خواری اتنی بڑی برائی نہیں ہے۔

تصوف میں ایک نام منصور الحلاج کا بھی ہے اور علامہ اقبال اپنے آپ کو منصور کا ثانی کہتے ہیں۔ جب کہ ایک جگہ وہ اپنے آپ کو قلندر بھی کہتے ہیں، مثلاً:

تھا ضبط بہت مشکل اس سیلِ معانی کا
کہہ ڈالے قلندر نے اسرارِ کتاب آخر

لیکن اقبال کی رائے میں جو کچھ موجودہ زمانے میں تصوف کے نام پر Practice ہو رہا ہے اسے وہ تصوف نہ سمجھا جائے جو کہ تابعین کے

تصوف بظاہر Prominent Form میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں سامنے آیا، جو کہ مشہور تابعی تھے۔ البتہ محدثین میں سے کچھ افراد نے ان سے سماع ثابت نہ ہونے کی بات کی ہے کہ امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے ان کا سماع ثابت نہیں ہے۔ باالفاظ دیگر امیر المومنین رضی اللہ عنہ سے اُن کی ملاقات نہیں ہوئی۔ البتہ تاریخ یہ بتاتی ہے کہ حضرت حسن بصری 21 ہجری میں پیدا ہوئے اور امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی شہادت 40 ہجری میں ہوئی۔ اس کے علاوہ بی بی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی ان کی ملاقات ثابت ہے۔ لہٰذا قرائن کے اعتبار سے سماع ثابت نہ ہونے والی بات درست معلوم نہیں ہوتی۔

بہر حال حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا جو طریقۂ تبلیغ تھا وہ دیگر تابعین سے اور صحابہ سے کچھ جداگانہ اور منفرد تھا۔ اس سے ہماری مراد یہ نہیں کہ کس کا طریقہ صحیح تھا یا کس کا غلط تھا بلکہ سب اپنے طریقے اور اپنے رنگ کے حساب سے جیسا کہ انہوں نے اسلام کو سمجھا تھا لوگوں کو سمجھا رہے تھے۔ یہ اسلام کو سمجھانے کے مختلف رنگ تھے۔ جو حسن بصری کا رنگ تھا وہ آگے چل کر تصوف بنا۔

حضرت حسن بصری کا اسلام کی تبلیغ کا رنگ کچھ اس طرح کا تھا کہ تقویٰ اختیار کرنا چاہیے اور آپ اس پر بہت زیادہ زور دیتے تھے۔ اس طریقۂ تبلیغ میں پہلا اصول یا First Rule یہ ہے کہ تقویٰ سب سے Prior ہے۔ پہلے پاکیزگی یعنی Purity آئے گی، قلب کی صفائی ہوگی۔ جب Purity آئے گی تو روح اپنے مالک سے تعلق استوار کرنے کے لیے تیار ہو جائے گی۔ یہ ایک فلسفہ ہے اور اسی فلسفے کو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کئی کتب میں بیان کیا اور پھر اور دیگر صوفیا نے اس پر قلم اٹھایا کہ Purity یعنی کہ طہارتِ نفس یا طہارتِ قلب و روح جس کو تزکیۂ نفس بھی کہتے ہیں بہت ضروری ہے۔ تو تصوف کا پہلا Step ہے تزکیۂ نفس۔ "لا الٰہ" بھی تزکیۂ نفس ہے۔ "الا اللہ" حق کا اعلان اور اقرار ہے "الا اللہ" سے پہلے "لا الہ" میں باطل معبودوں کی نفی تزکیۂ نفس ہے۔ پہلے جھاڑو سے اس غلط عقیدے کو کہ خدا بہت سارے ہیں صاف کیا جاتا ہے، پہلے Purity لائی جاتی ہے، پھر "الا اللہ" پڑھا جاتا۔

تو یہ وہ طریقۂ تبلیغ تھا جو کہ ابتدا میں تصوف نہیں کہلایا، یعنی حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں اس کو باقاعدہ یہ نام نہیں دیا گیا، البتہ بعد میں یہی طریقہ صوفیا نے اختیار کیا اور پھر اس کو باقاعدہ طور پر تصوف کہا جانے لگا۔ پھر یہی منہج معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ، جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، شبلی رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچا اور پھر آگے چل کر امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں یہ بہت زیادہ واضح شکل اختیار کر گیا اور دینی موضوعات میں ایک اہم موضوع بن گیا۔

تصوف۔۔۔ یہ تصوف وہی ہے جس میں پہلی بات تو یہ بتائی گئی کہ ساری گندگی اور ساری Irrelevant چیزیں دور کر دی جائیں جو کہ جھگڑا پیدا کرتی ہیں، مصیبت پیدا کرتی ہیں اور اختلافات کو جنم دیتی ہیں۔ مثال کے طور پر اہل علم اسلاف کے ہاں ایک Rule پایا جاتا ہے کہ عام عوام کو یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ صحابہ کے مابین مشاجرات پر کلام کریں کیوں کہ اس سے امت میں افتراق پیدا ہوگا، لوگ Distract ہوں گے اور گمراہ ہوں گے۔ لہٰذا مشاجراتِ صحابہ پر کلام سے جو منع کیا گیا وہ اہل تصوف کی جانب سے کیا گیا۔

اصل میں تصوف وہ راہ ہے جو کہ شروع سے یہ بتاتی ہے کہ لڑائی جھگڑے کی جگہ "واعتصمو بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقوا" پر عمل کیا جائے۔ ہمیں فرقہ واریت سے بچ کر ایک امت بن کے رہنا چاہیے اور آپس میں محبت کو فروغ دینا چاہیے، اس محبت کا دوسرا نام تصوف ہے، محبت خدا سے، رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے، اہل بیت علیہم السلام سے، اصحاب رضی اللہ عنہم سے، تابعین اور تبع تابعین سے اور ہر اس اللہ کے بندے سے کہ جو اللہ کا ولی ہے، ہر اس اللہ کے بندے سے کہ جو ظالم نہیں ہے۔ ہر ایک کو چاہیے کہ اپنے دل میں اللہ کے اسرار کے لیے جگہ بنائے اور نور کا دیا جلائے۔ یہ تصوف کا ایک اہم مقصد تھا، اور یہ مقصد امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں بہت زیادہ واضح ہو گیا تھا، پھر ان سے ہوتا ہوا

ایک صفحہ، ہزار کہانیاں

نگاہ زہرا
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

میں ایک خالی صفحہ ہوں۔ بظاہر بے رنگ، بے لفظ، مگر اندر سے کہانیوں سے بھرا ہوا۔ لوگ میری طرف دیکھتے ہیں، ایک نظر ڈالتے ہیں اور گزر جاتے ہیں۔ کہتے ہیں: "ابھی تُو خالی ہے۔۔۔" لیکن وہ نہیں جانتے کہ میری خاموشی میں کتنی آوازیں چھپی ہیں۔ کتنے احساسات قید ہیں، اور کتنے دل مجھ پر اپنا بوجھ اتارنے کے انتظار میں ہیں۔ میں اس لمحے کا منتظر رہتا ہوں جب کوئی ہاتھ مجھے تھامے، قلم کو حرکت دے اور اپنے دل کا طوفان مجھ پر انڈیل دے۔

کبھی کوئی روتا ہے تو میں اس کے آنسو سمیٹ لیتا ہوں، کبھی کوئی ہنستا ہے تو میں مسکرانے لگتا ہوں۔ کبھی کوئی غصے میں مجھ پر الفاظ کی بارش کر دیتا ہے اور میں۔۔۔ خاموشی سے سب سہہ لیتا ہوں۔ میں نے معاہدوں کو طے پاتے اور ٹوٹتے دیکھا ہے، میں نے خوابوں کو جنم لیتے اور بکھرتے دیکھا ہے۔ کسی نے مجھ پر پہلا حرف لکھا، تو کسی نے آخری داستان۔ کبھی میں ڈائری کا راز بنتا ہوں، کبھی شاعر کا محبوب استعارہ، کبھی امتحان کی کاپی، اور کبھی بچے کی پہلی لکیر۔ میں نے دیکھا ہے کہ جب مجھ پر ڈگری کے الفاظ چھپتے ہیں، تو کسی انسان کے دیرینہ خواب پورے ہو جاتے ہیں۔

جب میں کرنسی بنتا ہوں، تو انسان اپنی زندگی کے تقاضے پورے کرتا ہے۔ اور جب مجھ پر قرآن تحریر ہوتا ہے، تو میری تقدیر بدل جاتی ہے۔ میری ہر سطر نور میں ڈھل جاتی ہے، میرا ہر لفظ رحمت بن جاتا ہے۔۔۔ میں اُس وقت صرف ایک صفحہ نہیں رہتا، میں ہدایت کا چراغ بن جاتا ہوں جو دلوں کے اندھیروں کو منور کر دیتا ہے۔ میرے وجود سے خوشبو آنے لگتی ہے، اور فرشتے میرے گرد پہرہ دیتے ہیں۔ میں فانی الفاظ کا نہیں، اب اللہ کے کلام کا حامل بن جاتا ہوں جو رہتی دنیا تک روشنی بکھیرتا ہے۔

میں صرف کاغذ نہیں، میں احساسات کا آئینہ ہوں، خوابوں کی گواہی ہوں، اور علم و ہدایت کا ذریعہ ہوں۔ میں خالی ضرور ہوں، لیکن خالی کبھی نہیں ہوتا کیوں کہ جو مجھ پر لکھا جاتا ہے، وہ کسی کے دل کا حصہ ہوتا ہے۔ وہ حصہ جو دنیا نہیں جانتی۔

میں ایک خالی صفحہ ہوں، مگر ہر انسان کی اصل کہانی مجھ میں چھپی ہے۔
میں خاموش ہوں، مگر بولتا سب کچھ ہوں۔
میں خالی ہوں، مگر بھرا ہوا ہوں۔۔۔ روحوں، احساسات اور یادوں سے۔

تصوف اور دورِ حاضر

پروفیسر فرح کنول
گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

تصوف اور دورِ حاضر۔۔ اس موضوع کی درست تفہیم کے لیے اُس دور کو سمجھنا ضروری ہے جہاں سے تصوف شروع ہوا تھا اور پھر آج کا دور کہ جہاں تک تصوف آ گیا ہے۔۔ اس میں کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں، اس کی کیا کیا تعبیرات ہوئی ہیں، ان سب پر نظر ڈالنا بہت ضروری ہے۔

کے چہرے پر جو خوشی آئی، وہ میرے لیے سب سے بڑا انعام تھا۔ انہوں نے میری پینٹنگ کو بہت سراہا اور کالج کو بھی دعائیں دیں۔ اس کے بعد سب نے گورنر صاحب کے ساتھ یادگار گروپ تصویر بنوائی۔

اس دورے کا سب سے اہم اور معلومات سے بھرا حصہ وہ تھا جب ہمیں گورنر ہاؤس کے اندر قائداعظم محمد علی جناح سے جڑی ہوئی چیزیں دیکھنے کا موقع ملا۔ ان کے استعمال شدہ قلم، عینک، کپڑے، کتابیں، دورانِ رہائش کے کمرے، وہاں بچھے ہوئے قالین اور رکھا ہوا فرنیچر دیکھ کر ہمیں ایسا لگا جیسے ہم پاکستان کی تاریخ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ ان کی سادگی اور عظمت کا احساس اس ہال میں اور بھی گہرا ہو گیا۔ ان چیزوں کو دیکھنا ہمارے لیے کسی بڑے سبق سے کم نہیں تھا۔

رات کافی ہو چکی تھی جب ہم واپسی کے لیے بس میں سوار ہوئے۔ واپسی کا سفر وہی تھا، لیکن ہم سب انمول یادوں سے بھرے ہوئے تھے۔ میرے ذہن میں گورنر ہاؤس کی شان، اور خاص طور پر پینٹنگ دینے کا پر وقار لمحہ بار بار آ رہا تھا۔ یہ صرف ایک تقریب نہیں تھی، بلکہ تاریخ، احترام اور بہت سارے خوبصورت لمحات کا ایک یادگار سفر تھا جو ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے گا۔

زندگی

ردا چوہدری
بی ایڈ (ڈھائی سالہ پروگرام - پانچواں سمسٹر 2026)

دنیا درحقیقت ایک سڑک ہے اور زندگی اس سڑک پر چلتی ایک گاڑی ہے۔ انسان محض ایک مسافر ہے جو سڑک پر چلتی گاڑیوں پر سوار ہو کر اپنی منزل تک پہنچنے کا سفر طے کرتا ہے۔

ہماری زندگی کے سفر کی گاڑی تو اس وقت چلتی ہے جب ماں کی گود سے نکل کر اور باپ کے سائے سے آگے بڑھ کر خود زندگی کی گاڑی کو چلاتے ہیں پھر وہ کبھی ٹوٹی ہوئی سڑک کے گڑھوں سے گزرتا ہے اور کبھی مخالف سمت میں آتی تیز رفتار گاڑیوں سے خود کو بچاتا ہے تو کبھی راستے میں خراب ہو جانے والی گاڑی کو دھکا لگانے کے لیے دوسری راہ گیروں کی منت سماجت کرتے ہیں اور کبھی تو اتنی کوشش کے باوجود کسی حادثے کی وجہ سے اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں ناکام ہو جاتا ہے۔

اس سفر زندگی میں مسائل اور سکون تو سب کو کم و بیش یکساں ہی میسر ہوتے ہیں مگر اس سڑک پر کوئی Range Rover پر ہوتا ہے تو کوئی Mehran پر، کوئی سائیکل پر اور کوئی اس سفر میں پیدل چلتا ہے۔

مگر فرق صرف اتنا ہوتا ہے کہ کچھ مسافر Range Rover جیسی پُر آسائش سواری پر ہونے کے باوجود بھی پرسکون اور اطمینان بخش اور خوشگوار نظاروں سے لطف اندوز نہیں ہوتے اور کچھ اس سڑک پر چلتے ایسے مسافر بھی ہوتے ہیں جو پیدل چلنے کے باوجود پرسکون ہوتے ہیں اور اپنے سفر زندگی سے بھرپور لطف اندوز ہوتے ہیں۔

زندگی میں اپنی منزل مقصود تک صرف وہی پہنچ پاتے ہیں جو عقل و ذہانت سے مشکل راہیں بھی طے کر لیتے ہیں۔

راستے کہاں ختم ہوتے ہیں زندگی کے سفر میں
منزل تو وہی ہے جہاں خواہشیں تھم جائیں

یہ سفر زندگی خود انسان پر منحصر کرتا ہے کہ اسے خوشگوار بنائے یا ناقابل فراموش واقعہ۔

آئے، ٹھہرے اور روانہ ہو گئے
زندگی کیا ہے، سفر کی بات ہے

آپ کی کامیابی کا راز صرف آپ کے اندر چھپا ہے۔ آپ کے کردار، آپ کی سوچ، آپ کا رویہ، اور آپ کی محنت ہی آپ کو کامیاب بنا سکتی ہے۔ جو آپ اپنے دماغ میں سوچتے ہیں، وہی آپ کے دل میں اُترتا ہے اور پھر آپ کی زندگی کا حصہ بن جاتا ہے۔ یاد رکھیں، کبھی بھی خود کو کم نہ سمجھیں۔ ہر انسان میں کچھ خاص ہوتا ہے، اور آپ بھی اس دُنیا میں کچھ خاص کرنے کے لئے پیدا ہوئے ہیں۔ آپ کا راستہ آسان ہو، یہ ضروری نہیں، مگر آپ کا جذبہ اور آپ کا حوصلہ وہ طاقت ہیں جو آپ کو ہر مشکل سے نکال کر کامیابی تک لے جائیں گے۔ اس بات کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ زندگی میں صرف ایک بات حقیقت ہے: آپ جو فیصلہ آج کریں گے، وہ آپ کی کل کی کامیابی یا ناکامی کا سبب بنے گا۔ لہٰذا، سوچ سمجھ کر فیصلے لیں، محنت سے ڈریں مت، اور سچائی کا ساتھ کبھی نہ چھوڑیں۔

نوجوانو! یہ آپ کا وقت ہے۔ یہ آپ کا دور ہے۔ اپنے آپ کو پہچانیں، اپنی قدر کریں، اور اس دنیا میں اپنے نشان چھوڑیں۔

گورنر ہاؤس کی ایک یادگار شام

ملائکہ ساجد
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - ساتواں سمسٹر 2026)

وہ رمضان کی ایک ایسی شام تھی جو ہمیشہ یاد رہنے والی تھی۔ ہم کالج کے طلباء کو گورنر ہاؤس میں افطار پارٹی کے لیے جانے کا موقع ملا۔ یہ ہمارے لیے کسی بڑے اعزاز سے کم نہیں تھا، کیوں کہ یہ صرف ایک دعوت نہیں تھی، بلکہ شہر کی اس شاندار اور تاریخی جگہ کو قریب سے دیکھنے کا موقع تھا جہاں ملک کے بہت اہم کام ہوتے ہیں۔ کالج کی بس میں بیٹھتے ہی ہم سب دوستوں کے چہروں پر ایک جوش اور بے تابی تھی جو صاف نظر آ رہی تھی۔

ہماری بس جیسے ہی شہر کے پُرسکون اور پر وقار علاقے میں داخل ہوئی، تو ماحول کا شور اور ہنگامہ کم ہو گیا۔ ہر طرف صفائی، خاموشی اور نفاست محسوس ہو رہی تھی۔ گورنر ہاؤس کے بڑے گیٹ سے اندر داخل ہوتے ہی، اس کی شان و شوکت نے ہمیں حیران کر دیا۔ سامنے روشن، بہت بڑی عمارت تھی، اور اس کے چاروں طرف ہرا بھرا لان تھا جو ایسے سجا ہوا تھا. یہ منظر دل کو ایک دم سکون بخش رہا تھا۔

جیسے ہی سورج ڈوبنا شروع ہوا، پورے لان میں ایک گہری خاموشی چھا گئی۔ سب لوگ مغرب کی اذان کا انتظار کر رہے تھے۔ آخر کار، جب اذان کی آواز گونجی، تو ہم نے جلدی سے کھجور اور پانی سے اپنا روزہ کھولا۔ گورنر ہاؤس کے اس پُرسکون اور پُرعظمت ماحول میں افطار کرنے کا احساس ہی مختلف تھا۔

ہم سب نے مل کر افطاری کی۔ دسترخوان پر طرح طرح کے کھانے رکھے تھے، سب نے شوق سے کھایا۔ محفل بہت پر رونق تھی اور سب کو کافی مزہ آیا۔ ہنسی مذاق اور خوشگوار ماحول نے افطاری کو مزید خوبصورت بنا دیا۔ کھانا کھانے کے بعد، ہمیں ایک ساتھ باجماعت نماز ادا کی۔ اس اہم جگہ پر اللہ کے سامنے جھکنا دل کو ایک عجیب سا سکون دے رہا تھا۔ نماز کی ادائیگی کے بعد، وہ سب سے بڑا اور اہم لمحہ آیا۔ گورنر صاحب ہم سب سے ملنے کے لیے تشریف لائے۔ اُنہیں دیکھ کر ہم سب کے چہرے خوشی سے کھل اُٹھے اور ہم سب بہت پُر جوش ہو گئے۔

کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے، مجھے گورنر صاحب کو ایک خاص تحفہ پیش کرنے کا بڑا اعزاز ملا۔ میں نے انہیں سفید گھوڑے کی ایک خوبصورت پینٹنگ (تصویر) پیش کی، جو طاقت اور نیک ارادوں کی نشانی ہوتی ہے۔ جب میں نے وہ تصویر گورنر صاحب کے ہاتھوں میں دی، تو ان

اور صحت پر بُرا اثر پڑتا ہے اور نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے ذہنی دباؤ بڑھتا ہے۔

مزید یہ ہے کہ موبائل فون نے نوجوانوں کو حقیقی زندگی سے دور کر دیا ہے۔ گھر میں والدین یا بہن بھائی ساتھ بیٹھے ہوں تو بھی نوجوان اپنے موبائل میں مصروف رہتے ہیں اس سے خاندانی رشتے کمزور ہو رہے ہیں اور محبت و گفتگو کا رواج کم ہوتا جا رہا ہے، کئی نوجوان ایسے ہیں جو حقیقی دوست بنانے کے بجائے صرف آن لائن دوستیوں تک محدود رہ گئے ہیں اس ورچول دنیا نے انہیں تنہائی کا شکار بنا دیا ہے۔

یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ موبائل کے بے جا استعمال سے نوجوان نسل اپنی اصل صلاحیتوں کو بھول رہی ہے وہ کھیل کے میدانوں میں جانے کے بجائے موبائل اسکرین کے سامنے بیٹھے رہتے ہیں جسمانی سرگرمیاں کم ہونے کی وجہ سے ان کی صحت متاثر ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ اخلاقی لحاظ سے بھی کچھ نقصانات سامنے آ رہے ہیں۔ غلط مواد تک آسان رسائی نے کئی نوجوان کے خیالات اور رویوں کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

تاہم یہ بات بھی سچ ہے کہ موبائل بذات خود برا نہیں ہے۔ یہ ایک ایجاد ہے اور ایجاد ہمیشہ انسان کے فائدے کے لیے ہوتی ہے۔ اصل مسئلہ اس کے استعمال کا ہے اگر نوجوان اپنے وقت کی قدر کریں اور موبائل کو مثبت کاموں کے لیے استعمال کریں تو یہی موبائل ان کے خوابوں کو حقیقت بنانے میں مدد دے سکتا ہے جیسے کہ نئی زبانیں سیکھنا، ہنر سیکھنا یا اپنی پڑھائی کو بہتر بنانا دنیا بھر میں کامیاب لوگ اسی موبائل کو اپنی ترقی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

میری نظر میں اعتدال ہی کامیابی کی کنجی ہے نہ تو موبائل سے مکمل دوری ممکن ہے اور نہ ہی اس پر مکمل انحصار درست ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ ایک ایسا توازن پیدا کریں جس سے موبائل ان کی سہولت کا ذریعہ بھی بننے اور مستقبل کی کامیابی کا راستہ بھی ہموار کرے۔

آخر میں صرف یہی کہنا چاہوں گی کہ وقت سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ اگر نوجوان نسل نے اپنا وقت فضول اسکرولنگ، گیمز اور لایعنی گفتگو میں ضائع کیا تو وہ اپنی اصل منزل کھو بیٹھیں گی۔ لیکن اگر یہی وقت سیکھنے، آگے بڑھنے اور اپنے خوابوں کو پورا کرنے میں لگایا جائے تو یہی موبائل فون ان کے لیے کامیابی کی سیڑھی بن سکتا ہے۔

موبائل فون علم کا دروازہ بھی ہے اور تباہی کا راستہ بھی، انتخاب ہمارا ہے۔

نوجوانوں کے لئے ایک پیغام

حنا رفیق
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - آٹھواں سمسٹر 2025)

دنیا ایک کتاب کی مانند ہے، اور آپ کے ہاتھ میں اس کی پہلی صفحے کی ایک نئی تحریر ہے۔ زندگی کی ہر لمحے میں آپ کے سامنے بے شمار راستے ہیں، اور ان میں سے صرف وہ راستہ آپ کا ہے جو آپ خود منتخب کرتے ہیں۔ یاد رکھیں، آپ کی موجودہ زندگی میں کئے گئے فیصلے آپ کی تقدیر کو شکل دیتے ہیں، اور وہ تقدیر آپ کے خوابوں، آپ کی محنت، اور آپ کی پختہ سوچ کا عکس ہوتی ہے۔

نوجوانو! یہ وقت ہے اپنے اندر کے جوش اور جذبے کو پہچاننے کا۔ یہ وقت ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ آپ کا کل کیسا ہوگا، اور یہ فیصلہ آپ کو آج ہی کرنا ہے۔ آپ کی محنت، آپ کی لگن، اور آپ کا سچائی پر ایمان آپ کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرے گا۔ زندگی میں مشکلات آئیں گی، مگر وہ آپ کے عزم کا امتحان ہوں گی۔ ہر چیلنج کو ایک موقع کے طور پر دیکھیں، کیوں کہ ہر مشکل کے بعد کامیابی کا دروازہ کھلتا ہے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ

اکثر لوگ یہ سوال اٹھاتے تھے کہ ایک ذیابیطس کی مریضہ اپنی صحت کا خیال رکھتے ہوئے بیماری سے لڑ بھی سکتی ہے اور ساتھ ساتھ پڑھائی بھی جاری رکھ سکتی ہے؟ یہ کیسے ممکن ہے؟

بے شک یہ ایک مشکل کام ہے کہ اپنی صحت کا خیال رکھتے ہوئے یونیورسٹی کی تعلیم پر بھی توجہ دی جائے، محنت کی جائے اور روزمرہ کی زندگی کو ایک عام اور متوازن انداز میں گزارا جائے۔ اس کے لیے زیادہ محنت، ذمہ داری، توجہ اور حوصلے کی ضرورت ہوتی ہے۔

بعض اوقات یہ باتیں مجھے بہت دکھ دیتی تھیں۔ میں بہت دل برداشتہ ہو جاتی تھی اور سوچتی تھی کہ شاید میرے آس پاس کے لوگ صحیح کہتے ہیں، واقعی میں یہ سب نہیں کرسکتی، یہ میرے لیے بہت مشکل ہو جائے گا۔ کیا واقعی مجھ میں اتنی ہمت اور قوتِ ارادی ہے کہ میں آگے پڑھنے کا فیصلہ کروں اور اسے پورا بھی کرسکوں؟ کیا میں یہ کر پاؤں گی؟ یہ سوالات میرے ذہن میں بار بار آتے رہتے اور مجھے پریشانی میں مبتلا رکھتے تھے حتیٰ کہ ان ہی لمحات میں میرے اسکول کے اساتذہ نے بھی کہا کہ، "عائشہ! تم بیمار ہو، پہلے اپنی صحت بہتر کرلو، پھر پڑھنے کے بارے میں سوچنا۔ ابھی تم کچھ نہیں کرسکتیں۔" یہ لمحے میرے لیے بہت مشکل تھے، مگر اللہ کے کرم سے، اپنے والدین اور بہن بھائیوں کی محبت اور حوصلہ افزائی کی بدولت میں نے ہمت کی۔ میں نے اس وقت فیصلہ کیا کہ میں اپنی تعلیم جاری رکھوں گی اور اپنی صحت کا بھی خیال رکھوں گی۔ میں نے یہ ثابت کیا کہ بیماری کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی، اصل طاقت انسان کی ہمت اور حوصلے میں ہے۔

آج، الحمدللہ، میں بی ایڈ پروگرام کے تیسرے سمسٹر کی طالبہ ہوں اور اپنے خواب کی طرف بڑھ رہی ہوں۔ میری کوشش ہے کہ میں ایک اچھی، نیک اور مخلص استاد بنوں اور دوسروں کو یہ پیغام دوں کہ:

"مشکلات انسان کو نہیں روک سکتیں۔ اگر ہم حوصلے، ایمان اور عزم کے ساتھ آگے بڑھیں، تو منزل ضرور ملتی ہے۔"

کسی نے درست کہا ہے کہ:

"خواب وہ نہیں ہوتے جو ہم سوتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ خواب وہ ہوتے ہیں جو سونے نہیں دیتے۔"

نوجوان نسل اور موبائل

حفصہ ندیم
بی ایس ایجوکیشن (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

آج کے دور کو اگر موبائل فون کا دور کہا جائے تو غلط نہ ہوگا، یہ چھوٹی سی مشین ہماری زندگی کے ہر شعبے میں شامل ہو چکی ہے خاص طور پر نوجوان نسل اس کے بغیر اپنے دن اور رات کا تصور بھی نہیں کرسکتی۔ صبح آنکھ کھلتے ہی سب سے پہلا ہاتھ موبائل پر جاتا ہے اور رات سونے سے پہلے تک یہ ساتھ ہی رہتا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے موبائل فون نے نوجوانوں کے دل و دماغ پر قبضہ کرلیا ہے۔

یقیناً موبائل فون نے زندگی کو آسان بنایا ہے۔ تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے یہ ایک خزانے کی طرح ہے، پہلے جہاں کتابوں کے پیچھے بھاگنا پڑتا تھا، اب ایک کلک پر دنیا بھر کی معلومات اور نئے نئے کورسز نوجوان نسل کے لیے سہولت کا ذریعہ ہے اسی طرح موبائل نے فاصلے بھی کم کر دیے ہیں اج کوئی دوست یا رشتہ دار ہزاروں میل دور بھی ہو تو لمحوں میں رابطہ ہو جاتا ہے۔

لیکن حقیقت کا دوسرا رخ کچھ اور کہانی سناتا ہے نوجوان نسل موبائل کو صحیح مقصد کے بجائے فضول کاموں میں استعمال کر رہی ہے گھنٹوں تک گیمز کھیلنا، سوشل میڈیا پر بے مقصد وقت گزارنا اور رات بھر جاگتے رہنا ان کی عادت بن گئی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ پڑھائی متاثر ہوتی ہے آنکھوں

5۔خود اعتمادی:

اپنی صلاحیتوں پر اعتماد ہونا کامیابی حاصل کرنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ایک طالب علم،ملازم، کاروباری حضرات اور کسی پیشے میں مہارت حاصل رکھنے والے، سب ہی کے لیے خود اعتمادی بہت ضروری ہے۔ "مجھ سے نہیں ہوگا، میں نہیں کرسکتا"۔ایسے جملے بولنے والے افراد میں خود اعتمادی کی کمی معلوم ہوتی ہے۔

6۔مسلسل سیکھنا:

انسان کسی بھی کام میں کتنا ہی ماہر ہو جائے،اس میں مزید سیکھنے کی گنجائش باقی رہتی ہے کیوں کہ آئے دن نت نئی ایجادات ہو رہی ہیں۔نئی نئی technology کو انسان استعمال کر رہا ہے۔کوئی انسان اس بات کا دعوی نہیں کرسکتا ہے آج جو وہ سیکھ رہا ہے دس سال بعد اس کے اسے اس degree کی کوئی اہمیت ہوگی بھی کے نہیں، جیسا کے AI کو ہی دیکھ لیجئے۔Artificial Intelligence یا مصنوعی ذہانت کے آنے کے بعد کتنے لوگوں کی نوکریاں خطرے میں آگئی ہیں۔لیکن ناکام افراد خوش فہمی میں رہتے ہیں اور کہتے ہیں ہمیں سب کچھ آتا ہے، مسلسل سیکھنے پر تیار نہیں ہوتے اور پھر ناکامی کے صدمے کا شکار ہوتے رہتے ہیں۔

7۔ناکامی کا ذمہ دار خود کو قرار دینا:

ایک کامیاب شخص جب کہیں ناکام ہوتا ہے تو وہ اس کا ذمہ دار خود کو قرار دیتا ہے اور اپنے آپ سے کہتا ہے کہ "میں نے اچھی محنت نہیں کی" جب کہ ناکام لوگ اپنی ناکامی کا ذمہ دار اپنے اگر دگرد کے لوگوں کو قرار دیتے ہیں۔

8۔تحمل:

کامیاب افراد ہمیشہ طریقہ کار اور اصول و ضوابط پر عمل کرتے ہوئے ایک کے بعد ایک سیڑھی چڑھ رہے ہوتے ہیں اور اس دوران اگر کوئی مشکل آجائے تو اسے تحمل کے ساتھ برداشت کرتے ہیں۔اور اس کے برعکس ناکام لوگوں کو کامیاب ہونے کی بہت جلدی ہوتی ہے اور جلد بازی میں وہ اپنا کام ٹھیک نہیں کر پاتے۔

9۔فیڈ بیک کو سمجھنا:

دوسرے آپ کے کام کو کس طرح دیکھتے ہیں، آپ کے بارے میں کیا سوچتے ہیں، یہ فیڈ بیک آپ کے کام کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے اور آپ اگلی دفعہ مزید بہتر کام کر پاتے ہیں۔لیکن ناکام افراد یہ نقطہ سمجھنے میں غلطی کر جاتے ہیں اور ناکام رہ جاتے ہیں۔

10۔ڈسپلن کی کمی:

یاد رکھیے کہ زندگی کے کسی بھی شعبے میں بہتر کارکردگی کے لیے ڈسپلن (نظم وضبط) ہونا بہت ضروری ہے۔یا تو خواہشات چھوڑ دیں یا ڈسپلن میں آجائیں کیوں کہ بے ترتیب اور بکھری ہوئی زندگی گزارنا ناکام لوگوں کا کام ہے۔

میں اور میرا خواب

عائشہ جاوید
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

میں عائشہ جاوید، ذیابیطس (ٹائپ 1) کی مریضہ ہوں اور اس وقت بی ایڈ کر رہی ہوں۔بچپن سے میرا خواب تھا کہ میں ایک ٹیچر بنوں۔مگر میٹرک کے دوران مجھے کئی بار ایسے لوگوں کی سوچ کا سامنا کرنا پڑا جو یہ سمجھتے تھے کہ اگر کوئی لڑکی ذیابیطس کی مریضہ ہے تو وہ اپنی زندگی میں کچھ خاص نہیں کرسکتی۔ان کے مطابق ایسی بچی کے لیے آگے تعلیم حاصل کرنا یا اسے جاری رکھنا بے فائدہ ہے۔

مشینوں نے ہماری گفتگو چھین لی اور خاموشی ہماری زبان بن گئی۔ کسی کے مرنے کی خبر پر بھی لائک ہو جاتا ہے یا زیادہ سخاوت دکھائی تو "آر آئی پی" لکھ دیا۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اسکرین سے باہر نکلیں زندگی کو محسوس کریں، لوگوں سے بات کریں اور ان کی آنکھوں میں دیکھیں کیوں کہ انسان تبھی انسان ہے جب اس کا دل بھی آن لائن ہو اور روح بھی زندہ ہو۔

کامیابی حاصل کرنے کے 10 اصول

عبد الرحمن
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - ساتواں سمسٹر 2026)

کامیابی اور ناکامی ہماری زندگی کا حصہ ہے۔ ہمیں ملنے والی کامیابی ہماری زندگی پر اثر رکھتی ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو کامیابی پر کامیابی حاصل کرتے چلے جاتے ہیں اور چند اس کے متضاد بھی ہوتے ہیں۔ کامیابی حاصل کرنے کے لیے ہمیں یہ جاننا ضروری ہے کے آخر ایسی کیا عادات کو اختیار کیا جائے جس پر عمل کرتے ہوئے ہم ایک کامیاب شخص بن سکیں اور اپنی زندگی کے اہم وقت کو کارآمد بنا سکیں جو آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثال بن جائے۔ بہر حال کامیابی کے چند اصول میری اس تحریر کا حصہ ہیں جنہیں آپ اپنے عمل میں لا کر ناکامیوں سے پیچھا چھڑا سکتے ہیں اور کامیاب شخص بن سکتے ہیں:

1۔ وقت کی قدر کرنا:

وقت کی انمول دولت کو درست اور اہم کام میں استعمال کرنا ضروری ہے۔ بدقسمتی سے آج ہمارے معاشرے میں سوشل میڈیا اور آن لائن گیم کے نام پر وقت کو فضول اور لایعنی چیزوں میں گزارا جا رہا ہے ہم اپنے وقت کا بے جا استعمال ان کاموں میں کر رہے ہیں اور ہمیں اس کا احساس بھی نہیں ہو رہا۔ گزرا ہوا وقت دوبارہ کبھی واپس نہیں آئے گا چاہے آپ اس کے لیے اپنی ساری دولت بھی لگا دیں گزرے ہوئے وقت کی ناکامی اور غفلت کو بدل نہیں سکتے۔ یاد رکھیں جو وقت گزر گیا وہ تو تاریخ بن گیا اور جو وقت آئے گا وہ تو ایک راز ہے۔ غنیمت آور تحفہ ہے ہمارے لیے آج کا دن یعنی حال جس میں ہم اچھے کام کر کے اپنے وقت کو کارآمد بنا سکتے ہیں۔ کیوں کہ گزرا ہوا وقت ہاتھ آتا نہیں اور پیارے کو گھوڑا مناتا نہیں۔

2۔ سستی اور ٹال مٹول نہ کرنا:

اپنے کاموں کی تکمیل کے لیے سستی اور ٹال مٹول نہ کرنا اور آج کا کام کل پر مت ڈالنا کیوں کہ کل کے لیے ایک اور نیا کام ہو گا اس طرح دو دن کا کام کرنا اور مشکل ہو جائے گا۔ اپنے کام میں سستی برتنے والے لوگ کم ہی کامیاب ہوتے ہیں۔

3۔ تنقید برداشت کرنا:

جو کام کرتا ہے اس پر کسی نہ کسی طرف سے تنقید بھی ہوتی ہے۔ اب کامیاب لوگ اس تنقید کو برداشت کر کے ممکنہ صورت میں اپنی سمت درست کرتے ہیں اور اپنے کام کو بہتر بنا لیتے ہیں جب کہ ناکام لوگ کام ہی چھوڑ دیتے ہیں۔

4۔ مثبت سوچ:

کوئی شخص اگر مسلسل ناکامیوں کا شکار ہو رہا ہے تو وہ اپنی ناکامی کا ذمہ دار دوسرے لوگوں کو ٹھہرانے کے بجائے اپنی سوچ کو مثبت رکھے کیوں کہ اگر انسان مثبت سوچتا ہے تو وہ ناکامی سے پیچھا چھڑا لیتا ہے اور ناکامی کے حقیقی اسباب تک پہنچ جاتا ہے اور پھر کامیابی اور ترقی کے قریب تر ہو جاتا ہے۔

حصول میں دین اسلام کی تعلیمات اور مسلمان سائنس دانوں کا بنیادی کردار رہا، جو اسپین میں یورپ کے استاد بنے۔ 300 سال تک یورپ کی علمی زبان عربی رہی، نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اپنی منگیتر سے اظہار محبت بھی عربی زبان میں کرتے "احبک"۔ لیکن کتنی تلخ حقیقت ہے کہ مغرب ایشیاء اور افریقہ میں جہاں جہاں پہنچا وہاں کی پُرامن تہذیب و ثقافت کی بنیادیں ڈھادیں اور آج ان اقوام کی پہچان غربت و افلاس سے عبارت ہے۔ یورپ کی دولت کا سبب فرانس کے صدر متراں نے یوں بیان کیا ہے کہ اگر افریقہ کے بے پناہ وسائل نہ ہوتے تو فرانس تیسری دنیا کا ایک پسماندہ ملک ہوتا۔

آج سائنس کو ٹیکنالوجی نے پچھاڑ دیا ہے اور آج چند کمپنیاں دنیا کے ساٹھ فیصد دولت کی مالک ہیں اور مغرب کی وہ تہذیب جو محنت اور جدوجہد سے پروان چڑھی تھی آج سرمایہ پرستی کے طوفان کے ہاتھوں بہت سے چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے جس میں بڑھتی ہوئی غربت بے روزگاری خاندانی نظام کی تباہی شامل ہیں۔ یورپ نے ترقی کے حصول کے لیے صدیوں تحریکات برپا کیں ہیں قربانیاں دی ہیں۔ لیکن سرمایہ پرست طبقات نے خود یورپ میں بھی انسانیت کو پیچھے دھکیل دیا ہے۔ اس لیے آج مسلمان نوجوان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ محنت سے آگے بڑھے اور اپنی تاریخ کے روشن پہلو سامنے رکھے۔ تحقیق و جستجو کو اپنا کر ترقی کا سامان پیدا کرے اور اپنی دینی تہذیب اور فکری اساس پر کوئی سمجھوتہ نہ کرے۔

ڈیجیٹل انسان

علوینہ عمر عباسی
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام - تیسرا سمسٹر 2026)

علامہ اقبال کا یہ شعر صورت حال کا نقیب ہے:

ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

اقبال اور اکبر الہ آبادی جیسے حساس شعرا کو اندازہ تھا لیکن شاید یہ اندازہ نہ تھا انسان اپنی عقل بھی مشین کے ہاتھ گروی رکھ کر اتنا شادمان ہوگا اور پھر اپنی اس کم عقلی پر نازاں بھی ہوگا۔

کہا جاتا ہے کہ انسان نے مشینیں اپنی سہولت کے لیے بنائیں مگر آج یوں محسوس ہوتا ہے کہ مشینوں نے انسان کو اپنے کام کے لیے بنالیا ہے۔ ہم ایک ایسے دور میں زندہ ہیں جہاں خوشی کی علامت ایک ایموجی ☺ بن گئی ہے اور یادوں کی جگہ اسٹیٹس نے لے لی ہے۔ اب انسان کی مسکراہٹ اسکرین پر نظر آتی ہے لیکن چہرے پر نہیں۔ ہم اپنے موبائل کی روشنی میں دن گزارتے ہیں اور اپنے اردگرد کے چہروں کو اندھیرے میں چھوڑ دیتے ہیں۔ لیکن یہ بھول گئے ہیں کہ یہ سلوک زمانہ ہمارے ساتھ بھی دہرائے گا۔

دوستی اب آن لائن ہے، رشتے وائی فائی کے سگنلز پر قائم ہیں اور جذبات تب تک مضبوط ہیں جب تک بیٹری فل ہو۔ اصل سوال یہ ہے: کیا ہم واقعی زندہ ہیں یا بس "آن لائن" ہیں؟

ڈیجیٹل دنیا نے سب کچھ آسان کر دیا مگر سکون چھین لیا۔ اب تصویریں اصلی سے زیادہ خوبصورت اور لوگ اپنے آپ سے زیادہ فلٹر میں اچھے لگتے ہیں۔ ہم نے دنیا کو چھوٹا کر لیا مگر دلوں کے فاصلے بڑھا لیے۔ دھوکا کھانا اور دینا دونوں اچھے لگتے ہیں۔ ڈیجیٹل انسان کے پاس سب کچھ ہے، لائکس، کمنٹس، فالوورز مگر احساس، تعلق اور وقت نہیں۔

مغربی تہذیب اور ہماری ذمہ داریاں

عبدالرحمن
بی ایڈ (چار سالہ پروگرام- تیسرا سمسٹر 2026)

تہذیب (Civilization) عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی اصلاح، آراستگی، پاک کرنا یا سنوارنے کے ہیں۔ اصطلاحی طور پر، یہ کسی انسانی معاشرے کے طرزِ زندگی، سماجی اقدار، شائستگی، طرزِ فکر، فنونِ لطیفہ، عقائد اور مادی ترقی کا مجموعہ ہے۔ یہ ایک ترقی یافتہ ثقافت ہے جو کسی قوم کی پہچان بنتی ہے۔

تہذیب کے اہم پہلو:

- شائستگی اور آداب: تہذیب کا تعلق انسانی کردار کو سنوارنے اور رہن سہن میں ادب و تمیز پیدا کرنے سے ہے۔
- اجتماعی طرزِ زندگی: یہ کسی گروہ کی مشترکہ اقدار، عقائد، روایات اور طرزِ معاشرت کا نام ہے۔
- ترقی یافتہ معاشرہ: تہذیب میں شہروں کی تشکیل، سماجی تنظیم، اور علمی و فنی ترقی شامل ہے۔
- سماجی ورثہ: یہ وہ ورثہ ہے جو ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتا ہے۔

مختصراً، تہذیب انسان کے رہن سہن، سوچ اور برتاؤ کو "تہذیب یافتہ" یا منظم بنانے کا عمل ہے۔

مغربی تہذیب سے مراد گذشتہ چند صدیوں (تقریباً 16ویں صدی کے بعد) میں یورپ اور مغربی ممالک میں پروان چڑھنے والا طرزِ زندگی، سماجی اقدار اور فکری نظام ہے، جس کی بنیاد عقلیت پسندی (Rationalism)، مادیت (Materialism)، سائنس، اور انفرادی آزادی پر ہے۔ یہ تہذیب الہامی تعلیمات کے بجائے انسانی فلسفے اور سائنسی ترقی کو فوقیت دیتی ہے۔

مغربی تہذیب کے کلیدی پہلو درج ذیل ہیں:

- بنیادی خصوصیات: عقلیت، مادیت، اور تکنیکی و سائنسی ترقی۔
- انفرادی آزادی: انفرادی حقوق اور آزادی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔
- سیکولر سوچ: مذہب کو نجی زندگی تک محدود سمجھا جاتا ہے۔
- عروج: 1500ء کے بعد مغربی ممالک نے نئی ٹیکنالوجی اور دریافتوں کے ذریعے دنیا پر اثر ڈالا۔

مختصراً، مغربی تہذیب ایک ایسے نظام کا نام ہے جو دین کے بجائے انسانی عقل اور مادی کامیابیوں کو زندگی کا محور بناتا ہے۔ اب آج کل مغربی ترقی کے افسانوں کے حوالے سے ہماری نوجوان نسل کو چند پہلو ضرور ذہن نشین رکھنے ہوں گے۔ ایک مفروضہ یہ ہے کہ مغرب کی ترقی مذہب کو چھوڑنے سے ہی ممکن ہوئی ہے اور مذہب ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ مغرب کو سائنسی ترقی کی اس منزل تک پہنچانے میں اور نشاۃ ثانیہ کے

فہرست عنوانات

نمبر شمار	عنوان	مصنف / شاعر	صفحہ نمبر
۱	مغربی تہذیب اور ہماری ذمہ داریاں	عبد الرحمن	۱
۲	ڈیجیٹل انسان	علوینہ عمر عباسی	۲
۳	کامیابی حاصل کرنے کے 10 اصول	عبد الرحمن	۳
۴	میں اور میرا خواب	عائشہ جاوید	۴
۵	نوجوان نسل اور موبائل	حفصہ ندیم	۵
۶	نوجوانوں کے لیے ایک پیغام	حنا رفیق	۶
۷	گورنر ہاؤس کی ایک یادگار شام	ملائکہ ساجد	۷
۸	زندگی	رداچوہدری	۸
۹	تصوف اور دورِ حاضر	پروفیسر فرح کنول	۹
۱۰	ایک صفحہ، ہزار کہانیاں	نگاہ زہرا	۹
۱۱	کراچی اور ساون کی موجیں	ثناء یوسف	۱۴
۱۲	اللہ تعالیٰ کی قدرت کی چار عظیم نشانیاں	سید عبد الحلیم	۱۵
۱۳	استاد کا مقام اور ہمارے معاشرے کا رویہ	پروفیسر وسیم سجاد	۱۷
۱۴	تعلیم میں تنقیدی سوچ کی اہمیت	سیدہ لبنیٰ حسین	۱۷
۱۵	جہانوں کی تلاش: ناسا کی تحقیق اور قرآن کی رہنمائی	پروفیسر وسیم سجاد	۱۹
۱۶	متفرق تدریس بذریعہ گوگل نوٹ بک ایل ایم	پروفیسر ڈاکٹر سہیل احمد	۲۱
۱۷	اردو کی اہمیت اور ہمارا رویہ	رابعہ خان	۲۳
۱۸	کبھی ایک جملہ ہی زندگی بدل دیتا ہے	حیاء عزیز	۲۴
۱۹	تعلیم کی اہمیت	عاتکہ بتول	۲۴
۲۰	ناقابل فراموش	رومان حسین منّو	۲۶
۲۱	باادب بانصیب	ندا یعقوب	۲۶
۲۲	تفہیم کے مدارج اور تفہیم اردو	پروفیسر صفدر عباس	۲۸
۲۳	قرآن کا علمی و سائنسی نظام نفسیات	پروفیسر عون علی	۲۹
۲۴	جنس کی تبدیلی - حقائق	پروفیسر وسیم احمد خان	۳۱
۲۵	باپ، ایک کیمیا گر	آمنہ بتول	۳۳
۲۶	آزاد نظم: میں سوچتی ہوں	وانیہ صدیقی	۳۴
۲۷	استاد کے نام	سیدہ لبنیٰ حسین	۳۵

ذریعے انسان دوستی اور محبت کا تصور، اور کہیں جدید تدریسی ٹیکنالوجی کے استعمالات۔ یہ سب مل کر ایک ایسے تعلیمی مزاج کی تشکیل کرتے ہیں جس میں ماضی سے رشتہ بھی ہے اور مستقبل کی طرف نگاہ بھی۔

اسی مجلے کا سندھی حصہ بھی ہمارے لیے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ سندھی ثقافت، زبان، شاہ عبداللطیف بھٹائی، صوفی شاعری اور ثقافتی ورثے کے موضوعات کے ذریعے یہ حصہ یاد دلاتا ہے کہ زبان اور ثقافت کسی قوم کی اجتماعی یادداشت ہوتی ہیں۔ سندھی حصے میں میڈیا کو زبان، ثقافت اور فنون کو نئی نسل اور دنیا تک پہنچانے کے ایک اہم ذریعے کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا، الیکٹرانک کتابوں، آن لائن لغات، پوڈکاسٹ اور تعلیمی ویڈیوز کے ذریعے مقامی زبانوں کو نئی نسل سے جوڑنے کی ضرورت بھی اس فکری منظرنامے کا اہم حصہ ہے۔ یوں اردو، سندھی اور انگریزی کے یہ صفحات ایک دوسرے سے الگ نہیں رہتے؛ وہ مل کر ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ تعلیم اپنی زبان، اپنی تہذیب اور اپنے عہد سے مکالمے کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔

اس تمام علمی و ادبی سفر کے پیچھے یقیناً بہت سے ہاتھوں کی محنت شامل ہے۔ کسی مجلے کی تکمیل ایک فرد کی کوشش نہیں ہوتی؛ اس کے لیے سرپرستی، رہنمائی، انتخاب، تدوین، ترتیب اور مسلسل توجہ درکار ہوتی ہے۔ اس موقع پر ہم سرپرستِ اعلیٰ، پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، پروفیسر ظہور احمد کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں، جن کی سرپرستی نے اس علمی و ادبی کاوش کو ایک ساز گار ماحول فراہم کیا۔ اسی طرح چیف ایڈیٹر پروفیسر شرجیل احمد کی رہنمائی اور ادارتی نگرانی نے مجلے کی مجموعی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کے ساتھ پروفیسر صفدر عباس (راقم الحروف) اور پروفیسر نعمان باقر اردو حصے کی ترتیب و تدوین میں اپنی علمی اور ادبی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے۔ انگریزی حصے کی ذمہ داری پروفیسر شگفتہ، پروفیسر سیدہ نسرین زہرہ اور پروفیسر سید مہدی نقوی نے سنبھالی۔ سندھی حصے کی ادارت پروفیسر ڈاکٹر برکت ڈہری کے ذمہ رہی، جنہوں نے سندھی زبان، ثقافت، صوفی روایت، شاہ عبداللطیف بھٹائی اور ثقافتی ورثے سے متعلق مواد کو مجلے کا حصہ بنا کر اس کے لسانی و تہذیبی تنوع کو بامعنی بنایا۔

ہماری خواہش ہونی چاہیے کہ یہ مجلہ صرف ایک سال کی یادگار نہ رہے۔ یہ ہمارے طلبہ میں مطالعے کا ذوق، سوال کرنے کی جرأت، تحقیق کا مزاج، زبان سے محبت، تخلیق کا حوصلہ اور اپنے پیشے سے ذمہ دارانہ وابستگی پیدا کرنے کا وسیلہ بنے۔ اسی امید کے ساتھ مشعلِ علم کے یہ صفحات ہمارے سامنے ہیں — لفظوں کی صورت میں، خیالات کی صورت میں، سوالوں کی صورت میں اور سب سے بڑھ کر ایک روشن امکان کی صورت میں۔ آیئے، اسے صرف پڑھیں نہیں؛ اس سے مکالمہ کریں۔ کیوں کہ شاید ان صفحات میں کہیں نہ کہیں ہماری اپنی آواز بھی موجود ہے۔

پروفیسر صفدر عباس

مدیر اردو

مشعلِ علم ۲۰۲۵-۲۰۲۶ء

گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیڈرل بی ایریا، کراچی

مشعلِ علم: الفاظ سے افکار تک



ایک سالانہ مجلہ محض چند صفحات کا مجموعہ نہیں ہوتا۔ اس کے صفحات میں ایک پورا تعلیمی سال سانس لیتا ہے۔ کہیں کسی طالب علم کا پہلا سوال ہوتا ہے، کہیں کسی استاد کا برسوں کے تجربے سے کشید کیا ہوا خیال؛ کہیں نظم کے مصرعوں میں کوئی تازہ احساس جنم لیتا ہے، کہیں مضمون کسی سماجی، علمی یا تہذیبی مسئلے پر غور کی دعوت دیتا ہے۔ یوں ایک مجلہ دراصل کسی ادارے کی علمی زندگی، فکری ترجیحات اور تخلیقی مزاج کی دستاویز بن جاتا ہے۔

زیرِ نظر **مشعلِ علم ۲۰۲۵-۲۰۲۶ء** بھی اسی اعتبار سے ہمارے ادارے کی ایک سالہ علمی و فکری سرگرمیوں کا آئینہ ہے۔ اس کے اردو، انگریزی اور سندھی حصے بظاہر تین الگ لسانی دنیائیں ہیں، مگر گہرائی میں جائیں تو ان کے درمیان ایک مشترک رشتہ نمایاں ہوتا ہے: علم انسان کو اپنے آپ، اپنے معاشرے اور اپنے عہد کو سمجھنے کی صلاحیت عطا کرتا ہے۔ یہی کسی تعلیمی ادارے کی سب سے بڑی ذمہ داری بھی ہے۔

گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن میں یہ ذمہ داری مزید اہم ہو جاتی ہے، کیوں کہ یہاں صرف طالب علم تعلیم حاصل نہیں کرتے؛ یہاں مستقبل کے اساتذہ تیار ہوتے ہیں۔ آج کے یہ طلبہ کل کسی کلاس روم میں کھڑے ہوں گے اور ان کے الفاظ، رویے، سوالات اور تدریسی طریقے آنے والی نسلوں کے ذہنوں پر اثر انداز ہوں گے۔ اس لیے استاد بننے کا مطلب صرف کسی مضمون پر عبور حاصل کرنا نہیں بلکہ خود کو مسلسل سیکھنے، سمجھنے اور بہتر بنانے کے عمل میں مصروف رکھنا بھی ہے۔

انگریزی حصے میں شامل مضمون **"Who Is a Teacher?"** اسی بنیادی سوال کو ایک گہری سطح پر اٹھاتا ہے۔ اس میں استاد کو محض معلومات منتقل کرنے والا نہیں بلکہ خود بھی سیکھنے والا، اپنے تجربے اور استدلال کو دوسروں تک پہنچانے والا انسان قرار دیا گیا ہے۔ اسی فکری سلسلے میں انگریزی حصے کی تحریر **"Consistency: The Quiet Force in Educational Development"** تعلیم میں تسلسل، نظم، پیشہ ورانہ شناخت اور مستقل مزاجی کو اہم قرار دیتی ہے۔ یہ خیال ہمارے لیے خاص طور پر اہم ہے، کیونکہ تدریس میں غیر معمولی کارناموں سے زیادہ مستقل مزاجی، تیاری، انصاف، وقت کی پابندی اور مسلسل رہنمائی طالب علم کی شخصیت تشکیل دیتی ہے۔

اردو حصے میں بھی استاد اور تعلیم کا یہی وسیع تصور مختلف زاویوں سے سامنے آتا ہے۔ مثلاً، ایک مضمون بعنوان **"استاد کا مقام اور ہمارے معاشرے کا رویہ"** استاد کو قوم کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرنے والی شخصیت قرار دیتے ہوئے اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ تعلیم صرف معلومات کی منتقلی نہیں؛ کردار سازی، تربیت، اخلاق اور سوچنے کا سلیقہ بھی اس کا حصہ ہیں۔ اسی طرح **"تفہیم کے مدارج اور تدریسِ اردو"** جیسے موضوعات زبان کی تدریس کے اس پہلو کو نمایاں کرتے ہیں کہ زبان سیکھنے کا مقصد صرف الفاظ پڑھ لینا یا عبارت کا ظاہری مفہوم سمجھ لینا نہیں، بلکہ اس سے استنباط، تجزیے اور نئے معانی اخذ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا بھی ہے۔ اسی حصے میں استاد کے نام ایک نظم سے لے کر آزاد نظم، نثری مضامین، تدریسی مباحث، ادبی و فکری موضوعات اور ذاتی تجربات تک جو تنوع موجود ہے، وہ اس بات کی علامت ہے کہ ہمارے طلبہ اور اساتذہ کے اندر اظہار کی ایک فعال دنیا موجود ہے۔ کہیں استاد کی عظمت کا احساس ہے، کہیں باپ کی یاد اور محبت، کہیں ادب اور اخلاق کا رشتہ، کہیں تصوف کے

ادارتی بورڈ

اردو سیکشن



پروفیسر ظہور احمد (پرنسپل)

سرپرست اعلیٰ



پروفیسر حبیب النبی (وائس پرنسپل)



پروفیسر شرجیل احمد

مدیر اعلیٰ



پروفیسر صفدر عباس

مدیر



پروفیسر نعمان باقر

مدیر

اردو سیکشن





قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد　　کشورِ حسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان　　ارضِ پاکستان!
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام　　قُوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت　　پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مراد

پرچمِ ستارہ و ہِلال　　رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال　　جانِ استقبال!
سایۂ خدائے ذوالجلال

Mashal-e-Ilm

(2025-26)

مشعل علم



Ideas. People. Possibilities.

Celebrating creativity, courage and the spirit of our campus.

Government College of Education

Federal B Area, Block 15, Karachi

gce.edu.pk